www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | ہفتہ 26 ذیقعد 1446ھ 24 مئی 2025ء صفحات 08 | شمارہ 326

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

آئی ایم ایف اور حکومت میں اہداف پر اتفاق نہ ہو سکا، بجٹ 10 جون کو پیش کیا جائیگا

حکومت تنخواہ دار طبقے اور صنعتوں پر ٹیکس کی شرح کم کرنے اور دفاعی بجٹ میں اضافے کی تجاویز بھی شیئر کریں، آئی ایم ایف نے تنخواہ دار طبقے کو ریلیف دینے کیلئے حکومتی اخراجات میں کمی کی شرط رکھ دی

عالمی مالیاتی ادارے کو برآمدی شعبے کو ممکنہ ریلیف پیکیجز پر بھی اعتراضات، صوبوں سے اخراجات میں کمی اور آمدن میں اضافے کا مطالبہ، دفاعی بجٹ کو ملکی ضروریات کے مطابق رکھا جائے گا، ذرائع

پاکستان نے آئی ایم ایف پروگرام کیلئے تمام اہداف مکمل کرلیے، آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ نے پروگرام منظور اور فنڈ منتقل کردیے، توقع ہے پاکستان اور بھارت کشیدگی کا پرامن حل تلاش کرلینگے، جولی کوزیک

اسحاق ڈار کا سعودی ہم منصب سے رابطہ، تعلقات مضبوط بنانے کا عزم

وزیراعظم شہباز شریف، چیئرمین پی پی بلاول بھٹو سے مصافحہ کر رہے ہیں

سانحہ خضدار، مزید دو طالبہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید، تعداد 6 ہو گئی

13 سالہ حیدر اور 12 سالہ ملائکہ حملے میں شدید زخمی ہوئے تھے، گزشتہ روز دم توڑ گئے، 4 کی حالت تشویشناک



سکول بس پر حملہ ناقابل معافی، ذمہ داروں کو کٹہرے میں لایا جائے، تمام ممبر پاکستان سے تعاون کریں، سلامتی کونسل

شہدائے اے پی ایس خضدار کی یاد میں ضلعی انتظامیہ کے تحت طالبات کی جانب سے احتجاجی ریلی نکالی جا رہی ہے

خضدار میں بچوں کا قتل عام بھارتی ایجنٹوں نے کیا

انڈیا 20 سال سے پاکستان میں دہشتگردی میں ملوث ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

خضدار میں 21 مئی کو فتنہ الہندوستان نے بھارت کے حکم پر بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا، فتنہ الہندوستان جان بوجھ کر معصوم اور نہتے پاکستانیوں کو نشانہ اور خطے میں امن کو سبوتاژ کر رہا ہے

جس طرح قوم بھارت کے خلاف جنگ میں ایک آہنی دیوار بن گئی تھی اسی طرح بھارتی پراکسیز کے خلاف بھی آہنی دیوار بنے، وہ پاگل ہی ہوگا جو 24 کروڑ لوگوں کو پانی بند کرنے کا سوچے گا

بھارت کی 20 سالہ اسٹیٹ اسپانسرڈ دہشتگردی کی تفصیلات دنیا کے سامنے پیش، جب تک کشمیر کا مسئلہ حل نہیں ہوگا امن نہیں ہوسکتا، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

دہشت گردوں نے معصوم بچوں کو نشانہ بنایا، یہ دہشت گرد حملہ اسکول بس پر نہیں ہماری اقدار پر تھا، فتنہ الہندوستان کے خلاف آپریشن کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے، سیکرٹری داخلہ، پریس کانفرنس

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ خضدار میں 21 مئی کو فتن الہندوستان نے بھارت کے حکم پر بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا، فتن الہندوستان جان بوجھ کر معصوم اور نہتے پاکستانیوں کو...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

شہباز شریف سے ملاقات، بلاول نے دنیا بھر میں پاکستانی موقف اجاگر کرنے کیلئے رہنمائی لی

چیئرمین پی پی بھارتی جارحیت کو بھی بے نقاب کریں گے، بلاول بھٹو کا قومی سفارتی کام کیلئے اعتماد کرنے پر شکریہ

امید ہے آپ کی قیادت میں وفد پاکستان کا مؤقف بھرپور طریقے سے دنیا کے سامنے پیش کرے گا، وزیراعظم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف سے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی زیر قیادت میں وفد نے ملاقات کی، اعلامیے کے مطابق بلاول بھٹو زرداری نے دنیا کے اہم دارالحکومتوں میں پاکستانی مؤقف کو اجاگر کرنے کیلئے وزیراعظم سے رہنمائی لی، بلاول بھٹو نے بھارتی جارحیت...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر داخلہ کا گھر جلانے کے مقدمات جی ڈی اے رہنماؤں کیخلاف درج

مقدمات میں غلام مرتضیٰ، مسرور جتوئی سمیت 14 ملزموں اور 30 نامعلوم افراد نامزد

نوشہرو فیروز (بیورو رپورٹ) نوشہرو فیروز کے علاقے مورو میں وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار کے گھر کو نذر آتش کرنے کے مقدمات گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس (جی ڈی اے) رہنماؤں کیخلاف درج کرلیے گئے، پولیس کے مطابق وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار کے گھر کو جلانے کے 2 الگ الگ مقدمات درج کیے، سرکاری مدعیت میں درج مقدمے...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

سمندری سلامتی کو درپیش نئے خطرات کو سمجھنے کی ضرورت ہے، نیول چیف

پاکستان اور بھارت کے مابین حالیہ کشیدگی کی جنگ کی بدلتی ہوئی نوعیت کا واضح ثبوت ہے

غیر ریاستی عناصر کے کردار کے تناظر میں روایتی عسکری حکمت عملیوں میں تبدیلی کی ضرورت ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے کہا ہے سمندری سلامتی کو درپیش نئے خطرات کو سمجھنے کی ضرورت ہے، پاکستان نیوی وار کالج کے 54ویں کانووکیشن کی تقریب کا لاہور میں انعقاد کیا گیا، چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف تقریب کے مہمان خصوصی تھے، آئی ایس پی آر کے مطابق...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ نے مویشیوں میں لمپی سکن سے نمٹنے کیلئے 101 ملین کی فوری منظوری دیدی

جانوروں میں لمپی اسکن کی بڑی وجہ مویشیوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل و حرکت، محکمہ امور حیوانات حفاظتی کیمپس لگانے کیلئے اقدامات اٹھائے

گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ دیگر ممالک اور خصوصاً مشرق وسطیٰ برآمد کیا جاسکے، زیر صدارت اجلاس میں وزیراعلیٰ کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے گا اور اس شعبے کی بہتری کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں گے، وزیراعلیٰ کی زیر صدارت محکمہ امور حیوانات کی مجموعی کارکردگی اور مویشیوں میں لمپی اسکن بیماری سے متعلق منعقدہ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کیلئے دوران اجلاس میں...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

مقبوضہ کشمیر کے عوام بھارتی جبر کا شکار ہیں، عاصم افتخار

غزہ میں ہسپتالوں پر حملے پر سلامتی کونسل کو فوری ردعمل دینا چاہیے، پاکستانی مندوب

نیویارک (بیورو رپورٹ) پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے، جموں و کشمیر کے عوام بھارتی قبضے کے تحت منظم جبر و تشدد کا شکار ہیں، سلامتی...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کیلئے فوری فنڈز کا اجراء کر رہے ہیں

بجٹ سے قبل آئی ایم ایف کے حکم پر ایک اور بل کی منظوری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئندہ مالی سال کا وفاقی بجٹ پیش کیے جانے سے چند روز قبل قومی اسمبلی نے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کا ڈکٹیٹ کردہ ایک اور منی بل ضمنی ایجنڈے کے ذریعے اور بغیر کسی بحث...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت نے 28 مئی کو ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے یوم تکبیر کے موقع پر 28 مئی کو ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کردیا، دن پاکستان کے ایٹمی قوت بننے کی یاد میں ہر سال منایا جاتا ہے، یوم تکبیر کے موقع پر تمام سرکاری و نیم...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے کی عالمی نیٹ ورک کیخلاف کارروائی، 16 ملزم گرفتار

گروہ کو امریکی اور ڈچ ایجنسیز کی خفیہ رپورٹس پر گرفتار کیا گیا، متعدد ویب سائٹس بلاک

لاہور (بیورو رپورٹ) ایف آئی اے ملتان نے عالمی سائبر کرائم نیٹ ورک کیخلاف کارروائی کر کے لاہور اور ملتان سے 16 ملزموں کو گرفتار کرلیا، 7 ملزموں...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان جنگ نہیں امن چاہتا ہے، مولانا حیدری

71 میں حالات کچھ اور تھے آج قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہے

خضدار واقعہ انتہائی دل خراش، جتنی مذمت کی جائے کم ہے، سیکرٹری جنرل جمعیت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جے یو آئی سیکرٹری جنرل رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا مگر اپنے دفاع کی جنگ میں بھرپور جواب دیا، خضدار واقعہ دل خراش واقعہ...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

کسی بھی جارحیت کا پہلے کی طرح بھرپور جواب دیا جائیگا، پاکستان کا بھارت کو جواب

بھارت کی جنگی دھمکیاں اقوام متحدہ چارٹر کی خلاف ورزی، پاکستان امن کا خواہاں مگر دفاع کا حق محفوظ رکھتا ہے

مودی کے الزامات بے بنیاد اور اشتعال انگیز، عالمی برادری بھارت کے جارحانہ رویے کا نوٹس لے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے عائد کردہ الزامات کو بے بنیاد اور اشتعال انگیز قرار دیتے ہوئے کہا ہے کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا، ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا بھارتی بیانات علاقائی کشیدگی کو ہوا دینے کی کوشش ہیں، بھارت کی جنگی دھمکیاں اقوام متحدہ چارٹر کی خلاف ورزی ہیں، پاکستان امن کا خواہاں ہے مگر دفاع کا حق محفوظ رکھتا ہے، دفتر خارجہ نے واضح کیا بھارتی قیادت ہوش کے ناخن لے اور اشتعال انگیزی بند کرے، کوئی بھی...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری کا قافلہ روکنے پر مقدمہ درج

پولیس نے نقص امن کا باعث بننے والے کچھ ملزموں کو گرفتار بھی کرلیا

جامشورو (بیورو رپورٹ) جامشورو ٹول پلازہ کے قریب خاتون اول و رکن قومی اسمبلی آصفہ بھٹو زرداری کے قافلے کو...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ سے سول کورٹس ترمیمی بل 2025 کثرت رائے سے منظور

حوالگی، پاکستان شہریت ایکٹ، سول سرونٹس، نیوی سمیت دیگر بلز متعلقہ کمیٹیوں کے سپرد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ اجلاس میں سول کورٹس ترمیمی بل 2025 کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا، پی ٹی آئی سینیٹرز ڈاکٹر ہمایوں مہمند نے ایوان میں سینیٹرز کی عدم موجودگی پر احتجاج کرتے ہوئے کہا ایوان میں چند سینیٹرز بیٹھے ہیں باقی خالی پڑا ہے پھر...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ایم ایف پروگرام پاکستان میں معاشی استحکام لانے میں مددگار ثابت ہوا، صدر مملکت

عالمی مالیاتی فنڈ ترقی پذیر ممالک کی اقتصادی ترقی میں کردار ادا کر رہا ہے، پروگرام سے ملک میں معاشی استحکام کو فروغ حاصل ہوگا

آئی ایم ایف وفد کی زرداری سے ملاقات، پاکستان میں معاشی اصلاحات اور عالمی مالیاتی ادارے کے پروگرام پر اطمینان کا اظہار کردیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) صدر مملکت آصف زرداری سے عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کے وفد نے جہاد اظہور کی قیادت میں ملاقات کی، پاکستان کی معاشی صورتحال، جاری آئی ایم ایف پروگرام پر تبادلہ...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری سیکرٹری داخلہ محمد خرم آغا کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عمران خان کا پولی گرافک ٹیسٹ کرانا توہین آمیز کوشش ہے، شیخ وقاص اکرم

پنجاب میں کسان مقروض اور بیج، کھاد، ادویات کے قرضوں تلے دب گئے، رہنما پی ٹی آئی

مریم نواز کہتی ہیں بھارت نے 7 اور 8 مئی کو اتنا نقصان نہیں پہنچایا، جتنا 9 مئی کو پی ٹی آئی نے پہنچایا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے عمران خان کا پولی گرافک ٹیسٹ کرانا توہین آمیز کوشش...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

عمران کی پیرول پر رہائی درخواست پر گنڈاپور کے وکلا سے مزید معاونت طلب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی پیرول پر رہائی کی درخواست پر تحریری حکم جاری کردیا، عدالت نے بعض حقائق کی روشنی میں علی امین گنڈاپور کے وکلا سے مزید معاونت طلب...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو 10 ماہ میں 6 ارب ڈالر بیرونی قرضے، گرانٹس موصول

آئی ایم ایف فنڈنگ، دوست ممالک کے رول اوورز سمیت کل 14.1 ارب ڈالر ملے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کو رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں 6 ارب ڈالر سے زائد بیرونی قرضے اور گرانٹس موصول ہوئیں، دستاویز کے مطابق...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

بیرسٹر گوہر کی شاہ محمود سے ملاقات، سیاسی امور پر تبادلہ خیال

وائس چیئرمین پی ٹی آئی شاہ محمود قریشی کی عیادت کے لیے بیرسٹر گوہر لاہور پہنچ گئے

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر دوران قید علیل ہونے والے پارٹی کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی سے...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

زمین خورد برد کیس کی سماعت کیلئے تشکیل ہائیکورٹ کا بنچ ٹوٹ گیا

جسٹس انعام کی معذرت، فائل نیا بنچ تشکیل دینے کیلئے قائم مقام چیف جسٹس کو ارسال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد کے سیکٹر ای 11 زمین خورد برد کے معاملے پر بے ضابطہ تحقیقات کیخلاف کیس کی سماعت کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ میں تشکیل دیا...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت 10 مئی کی شکست فاش کو قیامت تک یاد رکھے گا، وزیراعظم

یہ اللہ تعالیٰ کا خاص انعام اور مہربانی ہے قوم کے اتحاد و اتفاق کی شاندار تاریخ کبھی بھلائی نہیں جا سکتی

افواج پاکستان نے اپنی بہترین حکمت عملی اور بہادری سے بھارت کو شکست فاش دی، شہباز شریف

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ 10 مئی کو افواج پاکستان نے قوم کے اتحاد اور اتفاق سے بھارت کو جو شکست فاش دی دشمن اسے قیامت تک یاد رکھے گا۔ وہ جمعہ یہاں مری روڈ اسٹریٹیجک جناح سکوائر کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور ہائیکورٹ، لاپتہ شہری کیس میں حکومتوں سے رپورٹ طلب

درخواست گزار نے مختلف اداروں کو درخواستیں دیں لیکن کوئی شنوائی نہیں ملی، وکیل

پشاور (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ ایس ایم عتیق شاہ نے 10 سال پہلے پشاور سے لاپتہ شہری کی بازیابی کیلئے دائر درخواست پر سماعت کے...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر جام کمال سے جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق مینگل ملاقات کر رہے ہیں

خضدار واقعہ کیخلاف صوبے بھر میں ریلیاں و مظاہرے، شہداء کی یاد میں شمعیں روشن

خضدار، قلات، تربت، گوادر، لورالائی، پنجگور، نصیر آباد، ڈی ایم جمالی، سوراب میں مظاہرے، معصوم بچوں کو نشانہ بنانے و بزدلانہ کارروائی کی مذمت

شہداء کیلئے دعائیہ تقاریب، حکومت سے واقعہ میں ملوث عناصر کیخلاف سخت کارروائی کا مطالبہ، مظاہروں میں طلبہ و عوام کی کثیر تعداد شریک

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) خضدار واقعہ کے خلاف بلوچستان کے طول و عرض میں کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز کی نگرانی میں احتجاجی ریلیاں اور شمعیں روشن دعائیہ تقاریب منعقد کی گئیں ریلیوں کے شرکاء نے بینرز پلے کارڈ اور شہید بچوں کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں گزشتہ روز خضدار...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بیرسٹر سیف کی عمران سے اہم ملاقات، مذاکرات پر ہدایات لیں

میرا موقف متعلقہ فورمز تک پہنچائیں، بانی پی ٹی آئی کی مشیر اطلاعات کے پی کو ہدایت

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف نے اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے رات گئے اہم ملاقات کی، پی ٹی آئی اور وفاقی حکومت...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت بوکھلاہٹ کا شکار، فتنہ الہند کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے، عطاء تارڑ

بچوں نے ایک بار پھر قربانی دی، والدین اپنا سب کچھ وطن پر قربان کرنے کیلئے تیار ہیں، حوصلے، عزم کو سراہتا ہوں

کلبھوشن کا پکڑا جانا ثبوت بھارت دہشتگردی میں ملوث، مودی کا خطاب شکست سے بچنے کیلئے فیس سیونگ ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے بھارت بڑی شکست کے بعد بوکھلاہٹ کا شکار ہے...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر آبی وسائل نے مہمند ڈیم کے دوسرے فیز کا افتتاح کردیا

خواہش ہے ڈیم 2027 سے پہلے بن جائے، لاکھوں ایکڑ زمین سیراب ہوگی، معین وٹو

سندھ طاس معاہدہ یک طرفہ ختم و معطل نہیں ہوسکتا، معاہدے کی قانونی پوزیشن اب بھی برقرار ہے

پشاور (بیورو رپورٹ) مہمند ڈیم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کی تعمیر تیزی سے جاری ہے، وفاقی وزیر آبی وسائل معین وٹو نے مہمند ڈیم کے دوسرے فیز کا افتتاح کردیا، معین وٹو نے کہا ملک ترقی کی راہ پر تیزی سے گامزن ہے، منصوبے پر اب بھی بہت کام کرنے کی ضرورت ہے، میری خواہش ہے ڈیم 2027 سے پہلے بن جائے، ڈیم بننے سے لاکھوں ایکڑ زمین سیراب، لاکھوں میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی، بھارت نے پانی روکنے کا لفظ استعمال کیا، سندھ طاس معاہدہ یک طرفہ ختم و معطل نہیں ہوسکتا، معاہدے کی قانونی پوزیشن اب بھی برقرار ہے، بھارت کے...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور میں جہازوں کی اڑان کے تحفظ کیلئے دفعہ 144 نافذ

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے شہر پشاور میں جہازوں کی اڑان کے تحفظ کیلئے دفعہ 144 نافذ کر دی گئی، ڈپٹی کمشنر کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق دفعہ 144 کے تحت ہوائی فائرنگ، ڈرون...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان لینڈ ایویلیوایشن کمیٹی کے اجلاس کی بذریعہ ویڈیو لنک صدارت کر رہے ہیں

پی ایس ایل، لاہور قلندرز، اسلام آباد کو شکست دیکر فائنل میں پہنچ گئی

قلندرز کے 203 رنز کے ہدف کے تعاقب میں اسلام آباد یونائیٹڈ 107 رنز پر ڈھیر

پی ایس ایل کا فائنل اتوار کو کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور لاہور قلندرز کے درمیان ہوگا

لاہور (بیورو رپورٹ) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 کے دوسرے ایلیمینیٹر میں لاہور قلندرز نے اسلام آباد یونائیٹڈ کو شکست دیکر...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

نجی کوٹے میں کوتاہی، رواں برس صرف 25 ہزار عازمین حج کیلئے جائینگے، وفاقی وزیر

حکومت نجی حج سکیم کے کوٹے میں کوتاہی پر انکوائری کر رہی ہے اور رپورٹ آنے پر عمل درآمد ہوگا، سردار یوسف

واضح کہہ رہا ہوں سعودی حکومت مزید کوئی کوٹہ نہیں دے رہی، 30 مئی تک حج پروازیں مکمل ہوجائیں گی، پریس کانفرنس

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف نے کہا ہے رواں برس نجی حج سکیم کے تحت 25 ہزار...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

احمدی نژاد کی پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کرتے ویڈیو وائرل

آٹھ سال تک ایران کے صدر رہے، ایک ریال بھی بطور تنخواہ وصول نہیں کیا

تہران (م ڈ) ایران کے سابق صدر محمود احمدی نژاد، جنہوں نے آٹھ سال تک ملک کی قیادت کی، آج کل بطور استاد خدمات...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

روس، یوکرین میں قیدیوں کا بڑا تبادلہ مکمل ہوگیا، ٹرمپ

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس اور یوکرین کے درمیان قیدیوں کا تبادلہ مکمل ہونے کی خبر سنادی، سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر بیان...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

اے این پی نے چیئرمین پی ٹی اے کیخلاف مذمتی قرارداد جمع کرادی

وفاقی اداروں کے سربراہان کا تقرر صلاحیت اور پیشہ ورانہ قابلیت کی بنیاد پر کیا جائے، قرارداد کا متن

مذمتی قرارداد پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی، ملک نعیم بازئی، سلیمہ خان کاکڑ نے جمع کرائی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین پی ٹی اے کا اے این پی کے مرکزی صدر ایمل ولی خان سے غیر مناسب رویہ، عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے بلوچستان اسمبلی میں چیئرمین پی ٹی اے کے غیر مناسب رویے کیخلاف مذمتی قرارداد جمع کرادی گئی مذمتی قرارداد...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

رواں ہفتے 13 اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ، 14 سستی

مہنگائی میں 0.29 فیصد کی ریکارڈ، سالانہ بنیاد پر شرح 1.35 فیصد کی سطح پر آگئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں حالیہ ہفتے مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں کمی کی شرح 0.29 فیصد ریکارڈ کی گئی جبکہ سالانہ بنیاد پر مہنگائی 1.35 فیصد کی سطح پر...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بھارت تنازعات کے حل کا نیا امکان پیدا ہوگیا، امریکی محکمہ خارجہ

دونوں ممالک کے درمیان جاری کشیدگی میں کمی اور جنگ بندی کا کریڈٹ امریکہ کی شمولیت اور معاونت کو جاتا ہے

امید کی انئی کرن نظر آ رہی ہے، دونوں ممالک کیلئے سنہری موقع ہے دیرپا امن کیلئے آگے بڑھیں، ٹیمی بروس کی بریفنگ

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹیمی بروس نے کہا ہے پاکستان، بھارت کے درمیان جاری کشیدگی میں کمی اور جنگ بندی کا کریڈٹ امریکہ کی شمولیت اور معاونت کو جاتا ہے اور اب دونوں ممالک کے دیرینہ تنازعات کے حل کا نیا موقع...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی واجبات این ایف سی ایوارڈ سے کاٹنے کی تجویز پر غور شروع

سی سی آئی نے صوبوں کے بجلی بقایاجات کٹوتی کی منظوری دی، ایڈیشنل سیکرٹری پاور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹر محسن عزیز کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی پاور کے اجلاس میں صوبوں کی طرف سے بجلی واجبات قومی مالیاتی ایوارڈ سے...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

شہری سہولیات کی ابتری کے پیش نظر فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں، ظہیان نوان کاکڑ

خشہ حال سڑکیں، پینے کا پانی ناپید،صفائی کی ناقص صورتحال نے لاکھوں کی آبادی کا جینا دوبھر کر رکھا ہے

منتخب نمائندوں کی عدم موجودگی اور بار بار منتخب حکام کو بڑا عہدہ اختیارات سماجی میڈیا الیکٹرونک میڈیا آگاہ کرنے کے باوجود کوئی فوکس نہیں کیا جارہا، ظہیر خان

کوئٹہ (پریار خبر) ماضی صفائی ستھرا حال، آوارہ کتوں کی بھرمار،اور شہر حال سڑکیں کوئٹہ شہر میں رہنے والے ہر شہری کی بنیادی ضروریات پر اور روح فرسا ثابت ہورہی ہے، رہی سہی کسر بلدیاتی انتخابات میں تاخیری حربوں نے پوری کردی، منتخب نمائندوں کی عدم موجودگی اور بار بار منتخب حکام کو بڑا عہدہ اختیارات سونپنے کی وجہ سے شہری مسائل سے محرومی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سابق ایڈیشنل سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی و منصوبہ بندی بلوچستان ظہیر خان کاکڑ نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات کے التوا کے باعث شہری مسائل میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے، شہری سماجی میڈیا الیکٹرونک میڈیا آگاہ کرنے کے باوجود کوئی فوکس نہیں کیا جارہا ہے، شہری سراپا احتجاج ہیں، ٹوٹ پھوٹ کا شکار شہر کی سڑکوں پر صفائی کی ابتر صورتحال اور آوارہ کتوں کی بھرمار نے وہاں موجود دکانداروں، راہگیروں کو بھی اذیت میں مبتلا کردیا ہے،

مسلم لیگ ن کے ایم پی اے زرک خان مندوخیل حلقہ پی بی 42 کے لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

بلوچستان گرینڈ الائنس کی احتجاجی تحریک شروع دفاتر میں سیاہ جھنڈے لگائے گے

عبدالقدوس بلوچ کا کڑ، سیکریٹری جنرل اصغر بنگلزئی، عبدالسلام زہری، شفاء میانگل، یحییٰ محمد کاکڑ کا اظہار یکجہتی

مراحل کی کامیابی کے بعد پارٹی کے دفاتر کے سامنے احتجاج کریں گے، انہوں نے کہا کہ 26 مئی کو تمام جگہوں میں دفاتر میں کام چھوڑ دیں گے، انہوں نے کہا کہ گرینڈ الائنس کا احتجاج خاص طور پر آج کی جمہوری دنیا کے دعوں سے ہے اور ہمارے تمام مطالبات جائز ہیں، تحریک جاری رہے گی، ہمارے مطالبات پورے نہیں ہوتے، ہماری جدوجہد جاری رہے گی، انہوں نے کہا کہ سرکاری نظام کی تنگ مطابقت تعلیم نہیں ہوتے، ہماری جدوجہد بلوچستان کے حقوق کی تحریک ہے، جنہوں نے بھی تحریک سے انحراف کیا ہے ان کے لیے زندگی میں وقت آگے بھی ہے، حکومت کی اتحادی جماعتیں ہمارے ساتھ ہیں، ہمارے ساتھ ہونے والے ظلم کے خلاف ہم احتجاج کریں گے

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

26 مئی سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کو باہمی تعاون سے کامیاب بنائیں گے، ڈی سی کوئٹہ

تمام ادارے قومی ذمہ داری کے تحت پولیو کے خاتمے کے لیے بھرپور تعاون کریں اور انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے میں کوئی کسر نہ چھوڑیں

پانچ روزہ مہم اور دو روزہ کیچ اپ سرگرمی کے دوران ضلع بھر میں 4 لاکھ 65 ہزار 195 بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

مہم کے دوران سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے 1420 سیکیورٹی اہلکار تعینات کئے گئے ہیں، ریفیوزلز کو کور کرنے کیلئے خصوصی یونٹ تشکیل

کوئٹہ (خ ن) پولیو کے خاتمے کے قومی ہدف کے تحت ضلع کوئٹہ میں 26 مئی 2025 سے شروع ہونے والی سات روزہ پولیو مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ صحت، سیکیورٹی اداروں، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مہم کی تفصیلات اور اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور عملدرآمد کے حوالے سے مختلف پہلوؤں پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 26 مئی سے ... کے دوران سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے 1,420 سیکیورٹی اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ، مہم کے دوران ممکنہ ریفیوزلز (انکار کرنے والے افراد یا خاندانوں) کو کور کرنے کے لیے 300 اہلکاروں پر مشتمل خصوصی یونٹ بھی تشکیل دی گئی ہے

ایڈیشنل آئی جی پولیس کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

خضدار، سی آئی اے پولیس نے ملزم گرفتار کیا پسٹل برآمد

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار سی آئی اے پولیس کی جرائم پیشہ افراد کیخلاف کامیاب کارروائی ملزم گرفتار پسٹل برآمد ایس ایس پی پولیس خضدار جاوید احمد زہری کی زیر نگرانی ڈی ایس پی سٹی سرکل محمد زمان پندرانی کی ہدایت پر سی آئی اے انچارج ایس آئی مقبول احمد موسیانی ایس آئی زاہد و دیگر اہلکاروں نے گھوڑا چوک ایریا میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ملزم عبدالقدیر کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے ایک ضرب ٹی ٹی پسٹل بمعہ 5 عدد روند برآمد کر کے سٹی تھانہ میں مقدمہ نمبر 91/2025 بجرم 15/D درج کر کے ملزم کو حوالات میں بند کر دیا ہے خضدار پولیس کا عزم ہے

عوامی سہولت کے پیش نظر کوئٹہ ٹریفک ریگولیشنز میں ردوبدل

شارع اقبال (قندھاری بازار)، پرنس روڈ اور لیاقت بازار کو "نو پارکنگ زون اور نو کارٹ زون" قرار دیا گیا ہے، فیصلہ نافذ العمل

جناح روڈ (منان چوک تا ریگل چوک) ہر قسم کی گاڑیوں کے داخلے کے لیے روزانہ شام 6 بجے سے رات 10 بجے تک بند رہے گا

ائیر پورٹ روڈ پر عالمو چوک (پاکستان ہوٹل سے سوزوکی سیل اینڈ سروس تک) کو بھی "نو پارکنگ زون/ نو کارٹ زون" قرار دیا گیا ہے

کوئٹہ (خ ن) عوام کی سہولت، محفوظ پیدل آمد و رفت اور بڑھتی ہوئی ٹریفک کے مسائل پر قابو پانے کے لیے میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ نے ٹریفک ریگولیشنز نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے مطابق جناح روڈ (منان چوک سے ریگل چوک تک) ہر قسم کی گاڑیوں کے داخلے کے لیے روزانہ شام 6 بجے سے رات 10 بجے تک بند رہے گا۔ شارع اقبال، پرنس روڈ اور لیاقت بازار کو "نو پارکنگ زون / نو کارٹ زون" قرار دیا گیا ہے۔ عالمو چوک (پاکستان ہوٹل سے سوزوکی سیل اینڈ سروس تک) کو بھی "نو پارکنگ زون / نو کارٹ زون" قرار دیا گیا ہے، جس کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔ سرکلر روڈ کو "ون وے" قرار دیا گیا ہے ...

طلبہ تعصبات کو رد کر کے حصول علم پر توجہ دیں، احمد خان

علم امن اور ترقی کا راستہ ہے جبکہ نفرت و تفرقات تباہی کا، طلباء سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) اے کیو ایم کے قائد صدر آحمد خان سے مرکزی سیکرٹریٹ میں گزشتہ روز طلبہ کی وفد نے ملاقات کی وفد نے صدر آحمد خان کو تعلیمی درسگاہوں میں طلبہ و طالبات کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا گیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے آحمد خان نے کہا کہ ایک وقت تھا جب تعلیمی درسگاہیں طالب علموں کی راہ تکتی تھیں اور لوگ تعلیم حاصل کرنے سے دور بھاگتے تھے لیکن آج جب ہر ذی شعور شخص اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلئے اچھی درسگاہوں کی تلاش میں ہیں تو بدقسمتی سے یہاں اعلیٰ تعلیمی درسگاہوں کی بری طرح سے فقدان ہیں۔ چند ایک تعلیمی درسگاہیں ضرور موجود ہیں لیکن اس کو بھی بعض مفاد پرستوں نے اسے قومی لسانی مذہب پرستی اور علاقائی تعصب کا گڑھ بنا کر اسے سیاسی کشمکش کے مرکز بنا دیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک کی ترقی کا راز بھی اسی میں پوشیدہ ہے کہ وہاں پر تعلیمی درسگاہوں میں علم کا حصول بغیر کسی تعصب قوم لسانیت و مسلک کے ممکن بنایا جاتا ہے۔ لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں ہر کام میں الٹی گنگا بہہ رہی ہے۔ طلباء جونہی میٹرک پاس کر کے کالج جوائن کر لیتا ہے تو اس پر کالج یا یونیورسٹی میں سیاسی تعصب کے سایے پڑ جاتے ہیں اسی وجہ سے انہیں ایک اچھے تعلیم یافتہ کہلانے سے محروم کیا جاتا ہے۔

جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، پیٹر چارلس

فیلڈ مارشل عاصم منیر پاکستان کا فخر ہیں، بانی چیئرمین پاکستان مائنارٹیز موومنٹ

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے بانی چیئرمین پیٹر چارلس نے معرکہ حق، آپریشن بنیان مرصوص کی اعلیٰ حکمت عملی اور دلیرانہ قیادت کی بنیاد پر ملکی سلامتی کو یقینی بنانے اور مکار دشمن بھارت کو ذلت آمیز شکست دینے پر آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر (نشان امتیاز ملٹری) کو فیلڈ مارشل بننے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی۔ پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے بانی چیئرمین پیٹر چارلس کا کہنا تھا کہ پاک فوج پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں اور جنرل سید عاصم منیر پاکستان کا فخر اور بہادری کی علامت ہیں، پوری قوم کو اپنے بہادر سپہ سالار پر ناز ہے، چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے مثالی جرات، بہادری اور عزم کیساتھ پاک فوج کی قیادت کی اور مسلح افواج کی جنگی حکمت عملی اور کاوشوں کو بھرپور طریقے سے ہم آہنگ کر کے مکار دشمن بھارت کو شکست فاش دیکر پاکستان کا سبز ہلالی پرچم بلند کیا اس پر پوری قوم جنرل عاصم منیر کو سلام پیش کرتی ہے۔

تحریک نفاذ فقہ جعفریہ صوبائی کونسل بلوچستان کا اجلاس طلب

آمدہ محرم الحرام کے انتظامات کا جائزہ لیا جائے گا صوبائی ترجمان

کوئٹہ (اے این این) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے صدر کی خصوصی ہدایت پر صوبائی کونسل ٹی این ایف جے بلوچستان کا غیر معمولی اجلاس طلب کرلیا گیا ہے۔ ٹی این ایف جے کے صوبائی ترجمان کے مطابق اجلاس ... صدر عبدالقدیر ساجدی نے پیپلز پارٹی تحصیل کچک کا ایک اہم اجلاس 25 مئی بروز اتوار شام 5 بجے اپنی رہائش گاہ پر طلب کیا ہے۔ اجلاس میں تنظیمی امور، موجودہ سیاسی صورتحال سمیت دیگر امور پر غور وخوض کیا جائے گا۔ انہوں نے تمام ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں سے وقت کی پابندی کے ساتھ شرکت کی اپیل کی ہے

دعائے حزب البحر روحانی فیوض و برکات کا انمول خزانہ ہے، سیف اللہ طارق

... جب جہاز کو گھیر لیا تو آپ نے دعائے حزب البحر پڑھی جس کے نتیجے میں طوفان تھم گیا اور سفر بحفاظت مکمل ہوا اسی واقعے کی نسبت سے اسے "حزب البحر" یعنی "سمندر کی دعا" کہا جاتا ہے نیز اس دعا کی تلاوت سے دل کو اطمینان، روح کو راحت، اور ذہن کو سکون حاصل ہوتا ہے اہل تصوف کے مطابق، اس دعا کی پابندی سے رزق میں کشادگی اور برکت حاصل ہوتی ہے

... العالمین پیر طریقت ابو محمد علامہ سیف اللہ طارق نے ہفتہ وار روحانی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دعائے حزب البحر روحانی فیوض و برکات کا انمول خزانہ ہے حزب البحر کی تلاوت سے انسان ظاہری و باطنی آفات و بلیات، حسد، جادو، دشمنی اور ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رہتا ہے حضرت امام ابو الحسن شاذلی، جو سلسلہ شاذلیہ کے بانی ہیں نے اس دعا کو اس

کوئٹہ، اسسٹنٹ کمشنر سریاب نے طلبہ کی کالونی میں اسکولوں کا دورہ کیا

... کمشنر سریاب سعد کلیم ظفر نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کلی طلبہ کی کالونی اور گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول طلبہ کی کالونی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے تدریسی عمل، اساتذہ کی حاضری، طلبہ کی شرکت اور اسکول کے نظم و ضبط کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے طلبہ سے ملاقات کی، ان سے سوالات کیے اور ان کے تعلیمی معیار کا براہ راست مشاہدہ کیا۔

کوئٹہ کو صاف ستھرا رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، لیاقت علی لہڑی

عیدالاضحیٰ سے قبل شہر میں ایک منظم اور بھرپور صفائی مہم کا آغاز کیا جائے گا، جس میں شہریوں کی شمولیت اور تعاون کو بھی یقینی بنایا جائے گا

صفاء کوئٹہ کی کارکردگی لائق تحسین ہے، شہر کی صفائی کیلئے حکومت، اداروں اور شہریوں کو مل کام کرنا ہوگا، پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ بلوچستان میر لیاقت علی لہڑی سے صفاء کوئٹہ کی اعلیٰ سطحی ٹیم نے ملاقات کی، جس میں شہر میں صفائی کے انتظامات اور عیدالاضحیٰ سے قبل خصوصی صفائی مہم کے آغاز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صفاء کوئٹہ کی نمائندگی زونل منیجر احسان اللہ درانی، ایریا منیجر اکمل خان، کمپلین منیجر محمد طیب، ایریا کوآرڈینیٹر آصف بھٹی، ریکوری منیجر قمبر جان، اور ایریا کوآرڈینیٹر محمد نبی نے کی۔ اس موقع پر صفاء کوئٹہ کی ٹیم نے میر لیاقت علی لہڑی کو شہر بھر میں جاری صفائی اقدامات، درپیش مسائل اور مستقبل کی حکمت عملی سے آگاہ کیا۔ پارلیمانی سیکرٹری نے صفاء کوئٹہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی کے خصوصی انتظامات نہایت اہم ہیں تاکہ شہر کے عوام کو صاف اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا، "کوئٹہ کو صاف ستھرا رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

اوستہ محمد، ڈکیتی کے مقدمہ میں نامزد ملزمان گرفتار

مسروقہ موٹر سائیکل اور ماسٹر چابی برآمد، مزید تفتیش جاری

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد اور صدر پولیس کی موثر کارروائیاں ڈکیتی کے مقدمہ میں روپوش ملزمان گرفتار موٹر سائیکل اور ماسٹر چابی برآمد تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستا محمد حسنین وارث کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد امجد علی جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی اوستہ محمد انسپکٹر عبدالرؤف جمالی نے بھاری نفری کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ملزم عبدالحمید ولد محسن قوم عمرانی ساکن اوستہ محمد کو گرفتار کرلیا۔ دوران تفتیش انکشاف ہوا کہ مذکورہ ملزم نے چند روز قبل ڈگری کالج اوستہ محمد سے پروفیسر کی موٹر سائیکل چوری کی تھی۔ پولیس نے چوری شدہ موٹر سائیکل اور لاک توڑنے والی ماسٹر چابی برآمد کرلی مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے جبکہ ایس ایچ او تھانہ صدر اوستہ محمد سب انسپکٹر منظور احمد جمالی نے بھاری پولیس نفری کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے

انسداد پولیو مہم کی کامیابی کیلئے ضلعی آفیسران ٹیموں کی معاونت کریں، انعام الحق

ہر مہم ہمیں صحت مند مستقبل سے قریب تر کرتی ہے، کوآرڈینیٹر ایمرجنسی آپریشن سینٹر

کوئٹہ (پ ر) کوآرڈینیٹر ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان انعام الحق کی زیر صدارت پولیو کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوئی۔ اجلاس میں کوآرڈینیٹر ایمرجنسی سینٹر نے تمام پولیو کے ضلعی آفیسران کو ہدایات دی کہ ٹیموں کی کارکردگی پر سخت نظر رکھیں اور پولیو مہم کو کامیاب بنائیں۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی، ٹیم لیڈ این سٹاپ، ٹیم لیڈ عالمی ادارہ صحت ٹیم لیڈ (بی ایم جی ایف) اور ٹیم لیڈ یونیسف، اور تمام اضلاع کے ضلعی ہیلتھ آفیسران اور ڈویژنل آفیسران نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ پولیو سے بچاؤ کی مہم 26 مئی 2025 سے شروع ہو رہی ہے۔ ہر پولیو مہم ہمیں ایک صحت مند مستقبل کے قریب لے کر آتی ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیں

پارلیمانی سیکرٹری قانون نوابزادہ زرین خان مگسی اور نوابزادہ جام محمد عالیانی سابق سینیٹر وزیرہ عبدالحمید بلوچ کی وفات پر اظہار تعزیت کررہے ہیں

کوشش کریں گے کہ آئندہ بجٹ عوامی امنگوں کا ترجمان ہو، زرک مندوخیل

پاکستان مسلم لیگ (ن) واحد سیاسی اور جماعت ہے جس نے ہر دور میں عوامی مسائل پر نہ کبھی خاموشی اختیار کی اور نہ ہی سمجھوتہ کیا ہے

وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے روز اول سے پاکستان کے استحکام اور عوام کے جملہ مسائل حل کرنے کی پالیسی اپنائی ہے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت عوام کی اپنی ترجمان بن کر اپنے مسائل حل کرنے کیلئے تمام تر کوششوں کو بروئے کار لا رہے ہیں آنے والے بجٹ میں عوام کے مفادات بے روزگاری کے خاتمے اور ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کی قیادت میں ایک ایسے موثر اور کامیاب بجٹ بنانے کی کوشش کی ہے جس سے آنے والے وقت میں ان کے اثرات دیہاتوں تک پہنچ جائیں گے اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن واحد سیاسی اور جماعت ہے جس نے اپنے ہر دور میں عوامی مسائل پر خاموشی اختیار کی اور نہ ہی کمپرومائز کیا ہے بلکہ عوامی مسائل حل کرنے کیلئے ہر فورم پر آواز بھی اٹھائی موجودہ حکومت چاہئے وفاق کو یا صوبائی عوامی مسائل حل کرنے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا لیئے بلکہ جون میں پیش ہونے والے بجٹ عوام دوست اور عوام کی ترجمان ہونگے

تنازع فلسطین وکشمیر حل کئے بغیر خطے میں امن ناممکن ہے، علامہ داد محمد

اقوام متحدہ اور او آئی سی مسلم نسل کشی رکوانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں

کوئٹہ (اے این این) اتحاد اہلسنت پاکستان کے سربراہ بزرگ عالم دین حضرت علامہ مولانا ابو الرضا داد محمد فریادی مدظلہ العالی نے اسرائیل کی وحشیانہ بمباری اور بھارت کی کشمیر میں قتل عام کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ تنازع فلسطین وکشمیر حل کیئے بغیر خطے میں امن واستحکام قائم نہیں ہوسکتا عالمی برادری، اقوام متحدہ اور او آئی سی مسلم نسل کشی رکوانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر فوری عملی اقدامات اٹھائیں مظلوم فلسطینیوں اور کشمیریوں کو اسرائیلی اور بھارتی وحشیانہ ظلم وستم سے نجات دلانے کیلئے ستاون اسلامی ممالک متحد ومنظم ہو کر علم جہاد بلند کریں جہادی سپیل کے بغیر فلسطین اور کشمیر کی آزادی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا انہوں نے کہا کہ مسلم حکمرانوں نے جب سے جہاد کو پس پشت ڈال کر خواہشات نفسانی کو مقدم رکھا تاریخ گواہ ہے کہ اغیار نے اسکا بھرپور فائدہ اٹھا کر مسلمانوں کو نقصانات سے دوچار کیا جبکہ دین اسلام ہمیں ایک دوسرے مسلمان کی مدد و نصرت اور معاونت کی تلقین کرتا ہے مسلمان ایک عمارت کی مانند ہیں جس کی ایک اینٹ دوسری اینٹ کو مضبوط کرتی ہے مسلمان ایک جان کی طرح ہیں کہ جسم کے کسی بھی حصے میں تکلیف ہو اسکو محسوس کیا جائے غزہ کی مقدس سرزمین میں پچاس ہزار سے زائد نفوس میں بچوں، بوڑھوں، نوجوانوں اور عورتوں کو بے دردی سے شہید کر دیا گیا انہوں نے مزید کہا کہ پوری دنیا پر اسرائیلی دہشتگردی عیاں ہونے کے باوجود عالمی ادارے، اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیمیں مسلم نسل کشی رکوانے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہیں

پنجگور، ایرانی تیل کے ڈپو میں آگ بھڑک اٹھی

وقوعہ ٹی وی اسٹیشن ایریا میں ہوا، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

پنجگور (این این آئی) پنجگور چتکان میں ٹی وی اسٹیشن ایریا میں ایرانی تیل کی ڈپو میں آتشزدگی لاکھوں روپے کا نقصان تفصیلات کے مطابق پنجگور کے مرکزی بازار چتکان میں ایرانی تیل کے ڈپو میں آتشزدگی کے نتیجے میں لاکھوں روپے کی تیل جل گئے آگ جنریٹر سرکٹ میں خرابی کی وجہ سے لگا تاہم میونسپل کارپوریشن کے عملے کی بروقت ہدایت پر فائر بریگیڈ پہنچ کر آگ پر قابو پا کر اسے مزید پھیلنے سے روکا واضح رہے کہ ضلعی انتظامیہ نے ایک ہفتہ قبل تمام ڈپو مالکان سے حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کا کہا اور تحریری نوٹس بھی جاری کیا مگر یہ نوٹس بھی حسب سابق صرف کاغذی کارروائی کی حد تک رہا کسی بھی ڈپو مالک نے اس پر عمل نہیں کیا جس سے خطرات بڑھ گئے ہیں

پیپلز پارٹی تحصیل کچک کا اجلاس 25 مئی کو طلب

زیارت، پرائمری فیمیل اساتذہ کا چار روزہ تربیتی پروگرام مکمل

جو کچھ آپ نے سیکھا ہے اسے کلاس روم میں عملی طور پر نافذ کریں، ڈی سی کا خطاب

زیارت (خ ن) یونیسف کے زیر اہتمام پرائمری فیمیل اساتذہ کے لیے چار روزہ تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی تھے۔ فدا حسین ڈی نے مہمان خصوصی کا استقبال کیا اور ضلع میں یونیسف کی سرگرمیوں سے متعلق بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈی ڈی او نقیب اللہ کاکڑ بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر ذکاء اللہ درانی نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے تربیت مکمل کرنے پر انہیں مبارکباد دی اور کہا کہ اب جو کچھ آپ نے سیکھا ہے اسے عملی طور پر کلاس روم میں نافذ کریں، اور مستقبل کے معماروں کو زیور تعلیم سے آراستہ کریں اپنی ڈیوٹی کی پابندی کریں اپنے فرائض کو ایمانداری سے ادا کریں غفلت پر قانونی کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم یافتہ اقوام دنیا پر حکمرانی کر رہے ہیں۔

وفاقی حکومت خیبر پختونخوا میں ریلوے انفراسٹرکچر کی بہتری کا ارادہ رکھتی ہے، حنیف عباسی

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کا ملاقات میں ملکی ترقی اور مسائل کے حل کیلئے مشترکہ جدوجہد پر اتفاق

دونوں رہنماؤں نے علاقائی تعاون، خصوصی طور پر خیبر پختونخوا کے ترقیاتی ایجنڈے کو ترجیح دینے اور عوامی سہولیات کو بہتر بنانے پر بھی اتفاق کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وزارت ریلوے میں وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے ملاقات کی، جس میں دونوں رہنماؤں نے پاکستان کے موجودہ سیاسی، سماجی اور اقتصادی حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات کے دوران ملکی استحکام، امن وامان کی صورتحال، اور ترقیاتی منصوبوں پر گفتگو کی گئی جن کا مقصد عوام کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانا ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے ریلوے کے شعبے میں جاری اصلاحات اور ترقیاتی کاموں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ملک کی ترقی کے لیے جدید اور موثر ٹرانسپورٹ نظام ناگزیر ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے نے صوبے میں ریلوے انفراسٹرکچر کو مزید مضبوط بنانے اور بہتر بنانے کے لیے حکومتی ارادے کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی تعاون، خصوصی طور پر خیبر پختونخوا کے ترقیاتی ایجنڈے کو ترجیح دینے اور عوام کی سہولیات کو بہتر بنانے پر اتفاق کیا

زیارت کے قریب کوئلے سے لوڈ ٹرک الٹنے سے ڈرائیور زخمی

کوئٹہ (این این آئی) زیارت کے قریب کوئلے سے لوڈ ٹرک الٹنے سے ڈرائیور زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کو زیارت کے علاقے مانگی کے قریب کوئلے سے لوڈ ٹرک الٹنے سے ڈرائیور شیر ولی بلوچ زخمی ہوگیا جبکہ ٹرک کو نقصان پہنچا یا ٹرک الٹنے سے شاہراہ ہر قسم کی آمد و رفت کیلئے بند ہوگئی واقعہ کی اطلاع ملتے ہی لیویز اور مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئے اور راستہ کھولنے کیلئے اقدامات شروع کر دیئے

شہری کی شکایت پر سی پی او راولپنڈی کا نوٹس

حبس بے جا میں رکھنے والے پولیس اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج

راولپنڈی (زاہد احمد خان) شہری کی شکایت پر سی پی او سید خالد ہمدانی کا نوٹس، شہری کو حبس بے جا میں رکھنے اور رقم کا مطالبہ کرنے والے پولیس اہلکاروں سمیت تین افراد پر مقدمہ درج، ایک اہلکار گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق شہری کی شکایت پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لے لیا، شہری کو حبس بے جا میں رکھنے اور رقم کا مطالبہ کرنے والے پولیس اہلکاروں سمیت تین افراد پر مقدمہ درج کر کے ایک اہلکار کو گرفتار کر لیا گیا۔ راولپنڈی پولیس کے اہلکار کو معطل کر کے محکمانہ کارروائی کا بھی آغاز کر دیا گیا ہے، مقدمہ میں اسلام آباد پولیس کا اہلکار گرفتار ہے جبکہ بقیہ افراد کی گرفتاری کے لئے ریڈز کئے جا رہے ہیں، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ اختیارات سے تجاوز یا بدعنوانی کسی صورت برداشت نہیں کی جا سکتی، جرائم پیشہ عناصر سے روابط یا جرائم کا ارتکاب وپشت پناہی کرنے والوں کو محکمہ میں رہنے کا کوئی حق نہیں۔

لورالائی، گورنمنٹ بوائز سکول کینٹ کے طلباء ایف سی اسکاؤٹس کے شہداء کی یاد میں بچوں کی اظہار یکجہتی کررہے ہیں

زیارت، ڈپٹی کمشنر ذکاء اللہ درانی ڈی ڈی او نقیب اللہ کاکڑ، یونیسیف کے نمائندے فدا حسین پائیزئی و دیگر اساتذہ میں سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

قومی سلامتی کیلئے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی خدمات باعث فخر ہیں، مینا مجید

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت، اصول پسندی اور قومی استحکام کے لیے کردار آنے والے وقت میں ایک درخشاں مثال ثابت ہوگا

انکی قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت دشمن بھارت کو عظیم شکست کا سامنا کرنا پڑا، یہ اعزاز قوم اور پاک فوج کیلئے ایک تاریخی اور فخر کا لمحہ ہے

کوئٹہ (پ ر) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا عہدہ پر فائز کیے جانے اور بیٹن آف فیلڈ مارشل ملنے پر صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک خصوصی بیان میں انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کی عسکری خدمات، حب الوطنی اور قومی سلامتی کے لیے ان کی انتھک کاوشیں قوم کے لیے باعث فخر ہیں انکی قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت دشمن ملک بھارت کو عظیم شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ یہ اعزاز نہ صرف پاک فوج بلکہ پوری قوم کے لیے ایک تاریخی اور فخر کا لمحہ ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت، اصول پسندی اور قومی استحکام کے لیے کردار آنے والے وقت میں ایک درخشاں مثال ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز کے مقابلے کے لیے اس طرح کی قیادت ایک مضبوط اور باعتماد پاکستان کی ضمانت ہے۔ آخر میں انہوں نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں ملک مزید ترقی اور امن واستحکام کی جانب بڑھے گا۔

بی سی جوان وافسران ملک وقوم کی حفاظت کیلئے ہر دم تیار ہیں، کمانڈنٹ

شہادت ہمارا نصب العین، عوام کی جان و مال کی حفاظت اولین ذمہ داری ہے، بی سی اہلکاران فرائض کی انجام دہی کیلئے ہمہ وقت چوکس ہیں

فرائض کو ایمانداری سے ادا کرنے کا حلف اٹھایا ہے، کسی بھی ناخوشگوار صورتحال کا جوانمردی سے مقابلہ کریں گے، سیکیورٹی اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے کہا ہے کہ شہادت ہمارا نصب العین ہے عوام کی جان و مال کی حفاظت اولین ذمہ داری ہے بی سی کے جوان ملک وقوم کی حفاظت اور شہادت کیلئے ہمیشہ تیار ہیں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت اپنے فرائض کی انجام دہی میں چوکس رہتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز ہیڈ کوارٹر بدر لائن میں سیکورٹی بارے اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز، زونل کمانڈرز، I, II, III, IV، اور اے ڈی اسد اللہ، بی سی ہیڈ آفس کوئٹہ اور آؤٹ زون کے زونل کمانڈرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے تمام زونل کمانڈرز کو ہدایات جاری کیں کہ عوام کی جان و مال کی حفاظت کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ اور شہادت ہمارا نصب العین ہے۔ قرآن میں ارشاد ہے کہ "شہید کو مردہ نہ کہنا اور مردہ گمان بھی نہیں رکھنا اور بلوچستان کانسٹیبلری کے جوان شہادت کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں اور وہ اپنی ڈیوٹی جانثاری سے کریں۔ اور چوکس وارث ہو کر اپنی ڈیوٹی کریں جس سے بلوچستان کانسٹیبلری کا مورال ہمیشہ بلند رہے۔ آپ اپنے جوانوں کو ترغیب دیں۔ کہ ہم نے فرائض کو ایمانداری سے ادا کرنے کا حلف اٹھایا ہے۔

مہنگائی اور عوامی مشکلات میں اضافہ تشویشناک ہے، ایم ڈبلیو ایم

مہنگائی میں کمی کے حکومتی دعوے محض زبانی جمع خرچ ہے، علامہ علی حسنین

کوئٹہ (یو این اے) مجلس وحدت مسلمین کے نائب صوبائی صدر و امام جمعہ کوئٹہ علامہ علی حسنین حسینی نے ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بیروزگاری اور بنیادی ضروریات زندگی کی قلت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کی ناقص معاشی پالیسیوں نے عام آدمی کی زندگی کو شدید متاثر کیا ہے۔ ہر گزرتے دن کے ساتھ آٹے، چینی، دال، سبزی اور ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ عوام کی قوت خرید کو چیٹ کر رہا ہے۔ علامہ علی حسنین حسینی نے کہا کہ بجلی، گیس اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ نے نہ صرف گھریلو صارفین بلکہ چھوٹے تاجروں اور مزدور طبقے کو بھی کمر توڑ پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ حکومت کی طرف سے مہنگائی پر قابو پانے کے دعوے صرف زبانی کلامی ہیں، عملی اقدامات کا فقدان ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران طبقہ شاہانہ طرز زندگی گزار رہا ہے جبکہ عوام دو وقت کی روٹی کے لیے ترس رہے ہیں۔ یہ صورت حال اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت عوامی مسائل سے یکسر لاتعلق ہو چکی ہے۔ ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لیے موثر اور دیرپا اقدامات کیے جائیں، بصورت دیگر عوامی ردعمل کا سامنا کرنے کے لیے تیار رہے۔ مجلس وحدت مسلمین پاکستان عوام کی آواز ہے

WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM

آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ

تیسرے عبوری کیش ڈویڈنڈ (D-94) کی ادائیگی

ہمارے معزز شیئر ہولڈرز کو یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ 31 مارچ 2025 کو ختم ہونے والی مدت کے لیے تیسرے عبوری کیش ڈویڈنڈ (D-94) @ 3.00 روپے فی شیئر (جو کہ فی شیئر 10 روپے کے اصل قیمت کا 30 فیصد بنتا ہے) کی شرح سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے 29 اپریل 2025 کو منعقدہ اجلاس میں اعلان کی گئی تھی، کو 23 مئی 2025 کو الیکٹرانک طریقے سے متعلقہ شیئر ہولڈرز کے نامزد بینک اکاؤنٹس میں منتقل کر دی گئی ہے۔

وہ شیئر ہولڈرز جنہوں نے مستند انٹرنیشنل بینکنگ اکاؤنٹ نمبر (IBAN) فراہم نہیں کیا، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات ہمارے شیئر رجسٹرار (میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی - 74400) کو فراہم کریں۔

وسیم احمد
کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد
23 مئی 2025

آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ
او جی ڈی سی ایل ہاؤس، جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد۔ پاکستان
No. 610/80

LARGEST TAX PAYER COMPANY OF THE NATION
WE EXPLORE PROSPERITY

WALK-IN INTERVIEWS AGAINST VACANT POSTS

with reference to advertisement published in daily newspapers AB No.811/25-02-2025 All candidates who have submitted applications **through HEC ETC portal** for the Vacant Positions of BPPRA are required to appear for interviews as per the schedule below:

Date	Time	Position	Grade
3rd June 2025	09:30 AM	Director MIS	BPS-18
4th June 2025	09:30 AM	Assistant Director (Works)	BPS-17
5th June 2025	09:30 AM	Assistant Director (Admin)	BPS-17
12th June 2025	09:30 AM	Assistant Director (Goods & Services)	BPS-17
13th June 2025	09:30 AM	Assistant Director (Grievance)	BPS-17
16th June 2025	09:30 AM	Assistant Director (CB)	BPS-17
17th June 2025	09:30 AM	Assistant Director (Finance)	BPS-17
18th June 2025	09:30 AM	Assistant Accounts Officer	BPS-16
19th June 2025	09:30 AM	Data Processing Supervisor	BPS-14
20th June 2025	09:30 AM	Office Assistant	BPS-14
23rd June 2025	09:30 AM	Assistant Computer Operator	BPS-12
24th June 20255	09:30 AM	Receptionist	BPS-12

Important Instructions for Candidates:

1. **Documents to Bring:**
- Original CNIC (National Identity Card) - *Mandatory for verification*
- Printout of HEC ETC application confirmation
- Original documents and all other certificates of achievement and experience etc. **Note: All interviews will be conducted in BPPRA Office, Joint Road ,Quetta.** Contact # 081-2446613-7

AB No.1150/23-5-2025

MANAGING DIRECTOR BPPRA

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242505726093 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Gwadar Development Authority invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of Compound wall, at Gwadar	6,500,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 4,550,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10 , CE10(i) (General Civil Engineering Works) , CE10(vii) (General Buildings and Maintenance). **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR (as applicable tender fee/ bidding document charges) to be deposited in head of **GDA Accumulated Collection or Fund** account **3002-0081-0083-6601** through **Bank Al-Habib Ltd. Gwadar Branch. Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 13 June, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 13 June, 2025till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM **Address:** Office of the Executive Engineer (Building-I), Gwadar Development Authority, Gwadar Phone no: 8649201010
Email: info@gda.gov.pk

AB No.1153/23-5-2025

EXECUTIVE ENGINEER (B-I) GWADAR DEVELOPMENT AUTHORITY

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

EXTENSION NOTICE

Operation and Maintenance of a Healthcare facility located at MNCH Loralai, District Loralai, Balochistan UNDER PPP – PUBLIC PRIVATE PARTNERSHIP MODE

With Reference to the Invitation for Bids published vide AB No. 1046/06-05-2025 in both Daily newspapers on May 07, 2025.The deadline for the submission of bids has been extended from 27th May, 2025 to 13th June, 2025 until 11:00 AM PST and bids will be opened at the same day at 11:15 AM PST at the address provided below. All other terms and conditions remain same.
PHONE: 081-920-2046 EMAIL: ahsanullah@bpppa.gob.pk, faraz.syed@bpppa.gob.pk WEB: https://bpppa.gob.pk

AB No.1148/23-5-2025

BALOCHISTAN PUBLIC PRIVATE PARTNERSHIP AUTHORITY
Bungalow No. 49 - A, Jinnah Town, Samungli Road, Quetta.

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 24 مئی 2025ء

کل وقتی معاشی استحکام کیلئے مزید محنت اور دوٹوک اقدامات کی ضرورت

صدر مملکت آصف علی زرداری نے گزشتہ روز عالمی مالیاتی ادارے کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے ترقی پذیر ممالک کی اقتصادی ترقی میں آئی ایم ایف کے اہم کردار کو سراہا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان کے لئے آئی ایم ایف پروگرام سے ملک میں معاشی ترقی کو فروغ حاصل ہوگا صدر مملکت نے کہا کہ آئی ایم ایف پروگرام پاکستان میں معاشی استحکام لانے میں مددگار ثابت ہوا ہے پاکستان کی معاشی ترقی میں آئی ایم ایف کے کردار کو صدر مملکت نے سراہا اور پاکستان میں معاشی اصلاحات اور عالمی مالیاتی ادارے کے پروگرام پر اطمینان کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے بالکل بجا فرمایا ہے اور عین حقیقت بھی یہی ہے کہ آئی ایم ایف ترقی پذیر ممالک کی اقتصادی ترقی اور استحکام میں ایک کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ یہ مالیاتی اداروں کا ایک ایسا نیٹ ورک ہے جو رکن ممالک کو مالیاتی چیلنجز سے نمٹنے اور پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن ہونے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ پاکستان جیسے ملک کے لئے، جہاں اقتصادی اتار چڑھاؤ ایک مستقل چیلنج رہا ہے، آئی ایم ایف کے پروگرام نے نہ صرف فوری مالی امداد فراہم کی ہے بلکہ معاشی اصلاحات کو بھی فروغ دیا ہے جو طویل مدتی استحکام کے لئے ضروری ہیں۔ موجودہ حکومت کی کوششوں اور آئی ایم ایف کے ساتھ کامیاب شراکت داری نے پاکستانی معیشت کو ایک اہم سہارا دیا ہے، اور اسے ایک مستحکم راستے پر گامزن کیا ہے۔ تاہم، حقیقی اور دیرپا خود انحصاری کے لئے قرضوں پر انحصار ختم کرنا ناگزیر ہو چکا ہے۔ آئی ایم ایف کے قیام کا مقصد عالمی مالیاتی استحکام کو فروغ دینا، بین الاقوامی تجارت کو سہولت فراہم کرنا، روزگار کے مواقع پیدا کرنا، اور غربت کو کم کرنا تھا۔ یہ ادارہ بنیادی طور پر رکن ممالک کو مختصر اور درمیانی مدت کے مالیاتی مسائل سے نمٹنے کے لئے قرضے فراہم کرتا ہے، خاص طور پر جب وہ ادائیگیوں کے توازن کے بحران کا شکار ہوں۔ آئی ایم ایف ممالک کو ادائیگیوں کے توازن کے مسائل سے نکالنے میں مدد کرتا ہے، جس سے کرنسی کے استحکام اور عالمی تجارت میں اعتماد بڑھتا ہے۔ یہ ممالک کو اپنی بیرونی ذمہ داریوں کو پورا کرنے اور ضروری درآمدات کو برقرار رکھنے کی صلاحیت فراہم کرتا ہے۔ آئی ایم ایف کے پروگرام صرف مالی امداد تک محدود نہیں ہوتے بلکہ ان کے ساتھ ساختی اصلاحات کی شرائط بھی منسلک ہوتی ہیں۔ یہ اصلاحات عام طور پر مالیاتی نظم و ضبط، ٹیکس اصلاحات، توانائی کے شعبے میں اصلاحات، نجکاری، اور سرکاری اداروں کی کارکردگی میں بہتری لانے پر مرکوز ہوتی ہیں۔ یہ اصلاحات اگرچہ بعض اوقات مشکل ہوتی ہیں، لیکن طویل مدتی معاشی صحت کے لئے ضروری ہوتی ہیں۔ آئی ایم ایف رکن ممالک کو اقتصادی پالیسیوں، مالیاتی انتظام، اور اعداد و شمار کے تجزیے میں تکنیکی معاونت اور تربیت بھی فراہم کرتا ہے۔ اس سے ممالک کی اپنی اقتصادی پالیسی سازی کی صلاحیت بہتر ہوتی ہے۔ پاکستان کی بات کریں تو موجودہ حکومت نے معیشت کو درپیش سنگین چیلنجز کا ادراک کرتے ہوئے ایک وسیع البنیاد اقتصادی حکمت عملی اپنائی ہے۔ اس حکمت عملی کا ایک اہم جز آئی ایم ایف کے ساتھ کامیاب مذاکرات اور ایک نئے توسیعی فنڈ پروگرام کا حصول تھا۔ یہ پروگرام ایسے وقت میں حاصل کیا گیا جب ہماری معیشت شدید دباؤ کا شکار تھی، زرمبادلہ کے ذخائر تیزی سے کم ہو رہے تھے، اور افراط زر عروج پر تھا۔ حکومت نے بجٹ خسارے کو کم کرنے کے لئے سخت مالیاتی نظم و ضبط اپنایا۔ غیر ضروری اخراجات میں کٹوتی کی گئی، اور ٹیکس وصولی کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کئے گئے، جس سے حکومتی آمدنی میں اضافہ ہوا۔ یہ اقدامات مالیاتی استحکام کے لئے ضروری تھے اور آئی ایم ایف پروگرام کی ایک بنیادی شرط بھی تھی۔ ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے اور ٹیکس وصولی کو بڑھانے کے لئے کئی اصلاحات متعارف کروائی گئیں۔ اس سے نہ صرف حکومتی آمدنی میں اضافہ ہوا بلکہ ٹیکس نظام کو زیادہ منصفانہ اور شفاف بنانے میں بھی مدد ملی۔ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت حاصل ہونے والی فنڈنگ اور حکومت کی معاشی پالیسیوں کے نتیجے میں زرمبادلہ کے ذخائر میں قابل ذکر اضافہ ہوا ہے۔ یہ معیشت کے استحکام اور بیرونی ادائیگیوں کی صلاحیت کے لئے انتہائی اہم ہے۔ درآمدات کو کنٹرول کرنے اور برآمدات کو فروغ دینے کے لئے اقدامات کئے گئے۔ اس سے ادائیگیوں کے توازن کی صورتحال میں بہتری آئی اور روپے کو استحکام ملا۔ حکومت کی جانب سے کئے گئے مثبت اقدامات اور آئی ایم ایف پروگرام کے حصول سے عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ یہ اعتماد پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور اقتصادی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لئے ضروری ہے اور بلاشبہ، موجودہ حکومت نے ایک انتہائی مشکل اقتصادی صورتحال میں قیادت کی باگ ڈور سنبھالی اور آئی ایم ایف کے ساتھ کامیابی سے ایک ایسا پروگرام حاصل کیا جو ہماری معیشت کے لئے اہم سہارا ثابت ہوا یہ پروگرام نہ صرف فوری مالی امداد فراہم کرنے میں کامیاب رہا بلکہ معاشی اصلاحات کا ایک ایسا ایجنڈا بھی فراہم کیا جو پاکستان کی اقتصادی ترقی کے لئے بنیادی ڈھانچہ فراہم کرتا ہے۔ حکومت کی جانب سے کئے گئے سخت اور مشکل فیصلے، اگرچہ عوام پر مختصر مدت کے لئے بوجھ بنے، لیکن طویل مدت میں معیشت کو استحکام اور پائیداری کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے ضروری تھے۔ ان اقدامات کی تعریف کرنا واجب ہے کیونکہ ان کی بدولت پاکستان ایک بڑے مالیاتی بحران سے بچنے میں کامیاب رہا تاہم یہ ایک عارضی حل ہے، مستقل نہیں۔ پاکستان کو طویل مدتی اقتصادی استحکام اور خود انحصاری کے لئے قرضوں اور بیل آؤٹ پیکجز سے جان چھڑانی ہوگی۔ اس کے لئے ایک جامع اور پائیدار اقتصادی حکمت عملی کی ضرورت ہے ہمیں اپنے بجٹ خسارے کو مستقل بنیادوں پر کم رکھنا اور حکومتی اخراجات میں کفایت شعاری کو برقرار رکھنا ہوگا یہ نہ صرف قرضوں پر انحصار کم کرے گا بلکہ سرمایہ کاری کے لئے بھی سازگار ماحول پیدا کرے گا۔ اقتصادی ترقی کے لئے سیاسی استحکام اور پالیسیوں کا تسلسل انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ پالیسیوں میں بار بار تبدیلی سرمایہ کاروں کے اعتماد کو ٹھیس پہنچاتی ہے اور معاشی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بنتی ہے آئی ایم ایف نے بلاشبہ پاکستان کی معیشت کو ایک مشکل دور سے نکالنے میں اہم کردار ادا کیا ہے اور موجودہ حکومت کی کوششیں قابل تعریف ہیں۔ تاہم، پائیدار اقتصادی ترقی اور خود انحصاری کے لئے یہ ضروری ہے کہ اب ہم مستقل حل کو یقینی بنائیں اس کے لئے ایک جامع اور مستقل حکمت عملی کی ضرورت ہے صرف اسی صورت میں پاکستان ایک مضبوط اور خود انحصار معیشت بن سکتا ہے جو عالمی چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو۔ یہ وقت ہے کہ ہم طویل المدتی وژن کے ساتھ مستقبل کی منصوبہ بندی کریں، تاکہ ہماری آنے والی نسلیں قرضوں کے بوجھ سے آزاد ایک خوشحال پاکستان میں سانس لے سکیں۔

پاکستان پر لاکھوں عاصم منیر قربان (1)

انداز جہاں — اسداللہ غالب

جنوبی افریقہ میں "گوروں کے قتل عام" کی کہانی

برملا — نصرت جاوید



کم عمری کی شادی نسلوں کی تباہی

حقائق نامہ — محمد ضرار یوسف

انڈیا اور عمران کیلئے بری خبریں

حروف — نوید چوہدری

جمہوریت، سوچ اور خانہ جنگی

نوید فکر — نعیمہ احمد مہجور

جنرل عاصم منیر فیلڈ مارشل کیوں؟

شہر یاراں

لوٹ جاتی ہے ادھر کو بھی نظر...

خیالات

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆...اوور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆...2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆...غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆...اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

میرے کاغذات بنام قیصر خان ولد محمد خان مسوری اوریجنل فائل موٹر سائیکل CD-100 ماڈل نمبر 2022 رجسٹریشن نمبر ALD-8592 انجن نمبر 7402894 چیسز نمبر BH 402728 رکی بازار میں کہیں گم ہوگئے ہیں ملنے پر 03328679990 پر مطلع کریں
ظفر کھیتران ....

گمشدگی کارڈ

میرا رپورٹ کارڈ جی ٹی وی بنام بی بی خدیجہ ولد عبدالباقی HR کوڈ نمبر 52024 راستے میں کہیں گم ہوگیا ملنے پر 03138629460 مطلع کریں
عبدالرزاق سرگزہ..........

پٹ فیڈر کینال کے ڈی سلٹنگ منصوبے کی تکمیل: شکریہ میر صادق عمرانی !!



تحریر: عبدالرزاق بنگلزئی

بلوچستان کے گرین بیلٹ نصیرآباد سے تعلق رکھنے والے کہنہ مشق سینئر و بزرگ سیاست دان سینئر صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی کی ذاتی دلچسپی محنت و ایمانداری ،زمینداروں ، کسانوں ، علاقے سے محبت اور ترقی و خوشحالی کے لئے مسلسل نگرانی اور انتھک کوششوں کے نتیجے میں 2 ماہ کی کم اور مختصر وقت میں پٹ فیڈر کینال کی ڈی سلٹنگ (بھل صفائی) کا بہترین منصوبہ کامیابی سے مکمل کرلیا گیا ہے۔ گزشتہ 10 سالوں میں پٹ فیڈر کینال پر اربوں روپے بھل صفائی و ڈی سلٹنگ پر خرچ ہونے کے باوجود نصیرآباد کے کسان اور زمیندار سالوں ،سال ، علاقے کے زرعی پانی کی غیر منصفانہ تقسیم ،اور کمی کے خلاف سراپا احتجاج رہے روڈوں پر ہڑتالیں اور دھرنے دیئے جاتے تھے لیکن موجودہ صوبائی حکومت نے اس حوالے سے تاریخی کام کیا میر محمد صادق عمرانی کے وزیر اریگیشن کا قلمدان سنبھالنے پر نصیرآباد کے عوام نے سکھ کا سانس لیا اور خاص کر کسانوں اور زمینداروں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ،صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے اپنے وعدوں کے مطابق سب سے پہلے زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنا کر ٹیل تک پانی کی ترسیل کو آسان بنایا اور اسی دوران خریف اور ربیع سیزن میں نہ کوئی ہڑتال ہوا نہ کوئی روڈ بلاک ہوا نہ کسی نے قرآن پاک اٹھا کر احتجاج کیا۔ یہ وہی پٹ فیڈر کینال ہے صرف عوامی نمائندہ تبدیل ہوا اگر نمائندہ اپنے عوام اور علاقے سے مخلص ہو تو علاقائی ترقی ، خوشحالی کو کوئی نہیں روک سکتا بھل و صفائی کے اس عمل میں نہ صرف اعلیٰ معیار اور کام کی کوالٹی کو یقینی بنایا گیا بلکہ مکمل شفافیت ،نظم وضبط اور پیشہ ورانہ کارکردگی کا بھی بھرپور مظاہرہ دیکھنے میں آیا پٹ فیڈر کینال علاقے کی زرعی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی رکھنے کے ساتھ ملکی معیشت میں مثبت کردار ادا کرتا ہے اس کی بروقت صفائی سے نہ صرف پانی کی روانی میں واضح بہتری آنے کے ساتھ ساتھ ٹیل تک پانی کی ترسیل میں آسانی آئے گی بلکہ اس سے زرعی پیداوار میں بھی نمایاں اضافہ ممکن ہوگا، پٹ فیڈر کینال کی بھل وصفائی سے نصیرآباد کے عوام سمیت کسانوں اور زمینداروں کے چہروں پر خوشی اور اطمینان صاف جھلک رہا ہے ،ایگزیکٹو انجینئر ناصر مجید ،سپرنٹنڈنٹ انجینئر اریگیشن سرکل ڈیرہ مراد جمالی غلام سرور بنگلزئی ایکسین پٹ فیڈر کینال محمد ابراہیم مینگل ،ایس ڈی او ممتاز سومرو امان اللہ گاجانی سمیت دیگر انجینئرز و فیلڈ افسران نے نہایت ذمے داری محنت دیانتداری اور پیشہ ورانہ لگن سے کام کیا۔ یہ منصوبہ اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ جب قیادت مخلص ہو اور انتظامیہ متحرک ، تو کسی بھی بڑے کام کو بخوبی انجام دیا جاسکتا ہے۔ میر محمد صادق عمرانی نے ایک مرتبہ پھر ثابت کیا ہے کہ وہ عوام دوست رہنماء ہیں ۔ شکریہ میر صادق عمرانی ۔ امید ہے کہ آپ عوام کی خدمت اور فلاح وبہبود کا یہ سلسلہ جاری رکھیں گے ۔!!

حکومت اور قوم معصوم شہداء کی قربانی کو فراموش نہیں کرے گی، جہانزیب

تقریب میں سانحہ خضدار میں شہید معصوم بچوں کی یاد میں شمعیں روشن کی گئیں

کچھی (ح ن) سانحہ خضدار کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے صوبے بھر کی طرح ضلع کچھی میں بھی ایک پر سوز تقریب منعقد کی گئی۔ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول ڈھاڈر میں ہونے والی اس تقریب میں ڈپٹی کمشنر کچھی جہانزیب بلوچ نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں سانحہ خضدار میں شہید ہونے والے معصوم بچوں کی یاد میں شمعیں روشن کی گئیں اور ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعائیں مانگی گئیں۔ مقررین نے آرمی پبلک اسکول کی بس پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کا نشانہ بننے والے ان معصوم بچوں کا کوئی قصور نہ تھا۔ ان کا واحد جرم علم حاصل کرنا تھا۔ ڈپٹی کمشنر جہانزیب بلوچ نے اپنے خطاب کیا

زیارت ،سانحہ اے پی ایس خضدار کے شہداء کو خراج عقیدت تعزیتی ریفرنس

زیارت (ح ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول زیارت ، گورنمنٹ ہائی زندرہ ، گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول زندرہ ، گورنمنٹ پرائمری اسکول کان بگلہ زیارت میں سانحہ اے پی ایس خضدار کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے تعزیتی تقریب منعقد کیے گئے ،اس موقع پر شمعیں روشن کی گئیں دعائیں کی گئیں

سوراب ، ڈی سی حبیب نصیر شہدائے اے پی ایس خضدار کی یاد میں نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

خضدار کی اے پی ایس بس پر بزدلانہ حملے کیخلاف ڈی سی سوراب کی قیادت میں احتجاجی ریلی

ضلعی انتظامیہ، سیکیورٹی اداروں کے نمائندوں، مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت ،،شہادتیں رائیگاں نہیں جائیں گی ،حبیب نصیر

اسکول بس پر حملہ بزدلانہ اور انسانیت سوز اقدام ہے، دشمن قوتیں بلوچستان میں تعلیمی عمل کو سبوتاژ کرنا چاہتی ہیں،،قوم معصوم بچیوں کی قربانی کو یاد رکھے گی، مقررین کا خطاب

دہشت گردی کے خلاف متحد رہیں گے ریلی میں شریک شرکاء کا عزم ،ریلی کے اختتام پر شہداء کے ایصال ثواب ، ملک و قوم کی سلامتی و استحکام کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں

سوراب (ح ن) ضلع سوراب میں آرمی پبلک اسکول خضدار کی بس پر ہونے والے بزدلانہ حملے اور اس دلخراش سانحے میں معصوم طالبات کی شہادت کے خلاف ایک پرامن احتجاجی اور مذمتی ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر سوراب، حبیب نصیر نے کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ہدایت اللہ بلیدی، ایف سی 61 ونگ کے میجر عقیل، اسسٹنٹ کمشنر سوراب شئے اکبر علی، اسسٹنٹ کمشنر مہرآباد اسد اللہ سمالانی سمیت ضلعی انتظامیہ، سیکیورٹی اداروں کے نمائندگان، سماجی کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی میں شریک افراد نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر دہشت گردی کے خلاف شدید الفاظ میں مذمتی نعرے درج تھے۔ پلے کارڈز پر معصوم طالبات کی شہادت کو قومی سانحہ قرار دیتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف یکجہتی اور اتحاد کا پیغام دیا گیا۔ ریلی کے دوران خطاب کرتے ہوئے مقررین نے آرمی پبلک اسکول کی بس پر حملے کو ایک بزدلانہ اور انسانیت سوز اقدام قرار دیا۔ مقررین نے کہا کہ دشمن قوتیں بلوچستان میں تعلیمی عمل کو سبوتاژ کرنا چاہتی ہیں اور وہ نوجوان نسل کو علم و شعور سے دور رکھنے کی سازشوں میں مصروف ہیں، لیکن یہ قوم ایسے ناپاک عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دے گی۔ ڈپٹی کمشنر سوراب حبیب نصیر نے اپنے خطاب میں شہید طالبات کے اہل خانہ سے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ شہادتیں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ قوم ان معصوم بچیوں کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں اور طلبہ کی حفاظت اولین ترجیح ہے اور اس حوالے سے سیکیورٹی اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ دہشت گردی کے خلاف متحد رہیں گے اور ہر فورم پر اس ظلم کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے۔ ریلی کے اختتام پر شہداء کے ایصال ثواب کے لیے دعا کی گئی اور ملک و قوم کی سلامتی و استحکام کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔

اوستہ محمد ، ایس ایچ او سٹی انسپکٹر غازی عبدالرؤف جمالی گرفتار ملزم کے بارے میں تفصیلات بتا رہے ہیں

سکول بس پر حملے میں معصوم طلباء وطالبات کی شہادت کیخلاف مذمتی ریلی

ریلی میں اے سی آفتاب لاسی سمیت طلباء ،اساتذہ ،عوام کی بڑی تعداد میں شرکت

معصوم بچیوں کو شہید کرنا کوئی بہادری نہیں شہید طالبات کا خون رائیگاں نہیں جائیگا

قلات (ح ن) خضدار میں آرمی پبلک سکول کے بس پر بزدلانہ حملے میں معصوم طلباء و طالبات کی شہادت پر مذمتی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر آفتاب احمد لاسی تحصیلدار قلات حاجی عبدالغفار لہڑی سمیت طلباء، اساتذہ اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں بینر اور پلے کارڈ اٹھائے ہوئے تھے جس پر معصوم بچیوں کی شہادت اور دہشتگردانہ حملے کی بھرپور مذمت کی گئی تھی۔ ریلی کے شرکاء نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آرمی پبلک سکول بس پر بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں دشمن بلوچستان کے طلباء وطالبات کو تعلیم سے دور رکھنا چاہتے ہیں معصوم بچیوں پر حملہ کر کے انہیں شہید کرنا کوئی بہادری نہیں شہید طالبات کا خون رائیگاں نہیں جائیگا۔

خضدار اے پی ایس کے شہید معصوم بچوں سے اظہار ہمدردی ریلی

سیاسی وسماجی شخصیات، طلباء، اساتذہ وعام شہری شریک، شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، پریس کلب تک مارچ کیا

ہمارے ہم عمر بچوں کو شہید کر دیا گیا کل کو یہ حملہ ہم پر بھی ہوسکتا ہے، واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے، طلباء کے تاثرات

خضدار میں اسکول کے بچوں پر بم کا المناک دھماکہ دہشت گردی اور سفاکیت ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، شرکاء ریلی

خضدار (ح ن) ضلعی انتظامیہ نے آرمی پبلک اسکول کے بس پر حملے میں شہید ہونے والے معصوم بچوں کے ساتھ اظہار ہمدردی کی خاطر ایک ریلی کا اہتمام کیا گیا۔ ریلی میں سیاسی و سماجی شخصیات، اسکول کے بچے اور ٹیچرز و عام شہری شریک تھے۔ جو ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور نعرہ بازی کر رہے تھے ریلی کے شرکاء نے ضلعی سیکریٹ سے خضدار پریس کلب تک مارچ کیا۔ ریلی کے شرکاء کا کہنا تھا کہ خضدار میں اسکول کے بچوں پر بم کا المناک دھماکہ دہشت گردی اور سفاکیت ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیاء کا کوئی بھی مہذب معاشرہ اس کی اجازت نہیں دیتا ہے کہ وہ معصوم کلیوں پر بم کا دھماکہ کرے۔ اس واقعہ میں پڑوسی ملک براہ راست ملوث ہے جو پاکستان سے میدان جنگ میں شکست کھانے کے بعد اب اس طرح سافٹ ٹارگٹ پر اتر آیا ہے اسکول کے بچوں نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا کہ یہ حملہ دہشت گردی ہے ہمارے ہم عمر بچوں پر قاتلانہ حملہ کر کے انہیں شہید کر دیا گیا کل کو یہ حملہ ہم پر بھی ہوسکتا ہے لہذا اس دہشت گردانہ عمل کی روک تھام کی جائے اور واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔ ریلی میں ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی ایس ایس پی خضدار جاوید زہری اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالحفیظ کاکڑ اے ڈی سی جی علم دین آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین بشیر احمد جنگ انجمن تاجران خضدار کے صدر حافظ حمید اللہ مینگل بی این پی کے رہنماء سفر خان مینگل سمیت سیاسی و سماجی رہنماء اسکول کے بچے ٹیچرز و سول سوسائٹی اور اقلیتی برادری اور سرکاری ملازمین شامل تھے۔



خاران، ڈی آئی جی وزیر خان ناصر ایس پی عبداللہ احسان اے ڈی آئی داد محمد مینگل کا سب انسپکٹرز کے عہدوں پر ترقی پانے والے آفیسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

سانحہ خضدار کے معصوم شہداء کی یاد میں گرلز کالج گوادر میں تعزیتی ریفرنس

ہر قسم کی دہشت گردی کے پیچھے بھارت کی خفیہ ایجنسی "را" ملوث ہے، پرنسپل کالج

گوادر (ح ن) حکومت بلوچستان کی ہدایت پر سانحہ خضدار کے معصوم شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر میں ایک تعزیتی ریفرنس منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر کالج کی پرنسپل ، اساتذہ اور طالبات نے شہید طلبہ کی یاد میں شمعیں روشن کیں اور ان کے لیے دعائے مغفرت کی گئی۔ ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل گرلز کالج نے سانحہ خضدار کو ایک بزدلانہ اور انسانیت سوز کارروائی قرار دیتے ہوئے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا نہ کوئی مذہب ہوتا ہے اور نہ ہی انسانیت سے ان کا کوئی تعلق۔ معصوم طلبہ کو نشانہ بنانا سفاکیت کی بدترین مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس المناک واقعے میں تین نہایت ہونہار طلبہ شہید جبکہ متعدد شدید زخمی ہوئے، جن کا درد ہر ذی شعور دل محسوس کر رہا ہے۔ کالج کی جانب سے شہداء کے لواحقین سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا گیا اور ان کے غم میں برابر کا شریک ہونے کا عزم دہرایا گیا۔

واقعہ خضدار اے پی ایس کی بس پر خودکش حملہ ، حب میں تعزیتی تقاریب ، ریلیاں

آرمی پبلک اسکول خضدار کے بچوں پر دہشت گردانہ حملہ المناک سانحہ تھا، فیض محمد شیخ

حب (ح ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر خضدار میں آرمی پبلک اسکول کی بس پر خودکش حملے کے المناک واقعے کی یاد میں صوبہ بھر کی طرح ضلع حب میں تعزیتی تقاریب اور ریلیاں منعقد کی گئیں صوبائی وزیر زراعت وصدر پاکستان آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کے حلقہ انتخاب میں ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن حب اور ضلعی محکمہ تعلیم کی جانب سے صنعتی شہر حب میں ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی کی قیادت میئر حب وڈیرہ بابو فیض محمد شیخ نے کی جبکہ ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر حب سربلند خان ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر عبدالرحیم بلیدی محکمہ تعلیم کے افسران اساتذہ طلباء، کونسلران اور علاقہ عمائدین نے بھرپور انداز میں شرکت کی میئر حب وڈیرہ بابو فیض محمد شیخ نے ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آرمی پبلک اسکول خضدار کے بچوں پر دہشت گردانہ حملہ المناک سانحہ تھا ملک بھر کے عوام نے اس سانحہ کی مذمت اور قومی یکجہتی کا عملی مظاہرہ کیا۔

غیر مقامی افراد کو لوکل سرٹیفکیٹ بنا کر دینا ناقابل برداشت ہے، حاجی رحمت

نصیرآباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام تحصیل ڈیرہ مراد جمالی کے امیر ، حاجی رحمت اللہ بنگلزئی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ نصیرآباد میں غیر مقامی افراد کو دانستہ طور پر لوکل سرٹیفکیٹ بنا کر دینا اور لوکل ظاہر کرنے کی گھناؤنی سازش ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے واضح طور پر کہا کہ جو بھی پٹواری، تحصیلدار ، لوکل کمیٹی کا رکن یا سرکاری افسر غیر مقامی افراد کے لوکل سرٹیفکیٹ پر دستخط کرتا ہے، وہ نہ صرف قوم کے ساتھ غداری کا مرتکب ہو رہا ہے بلکہ علاقے کے حقوق کو بھی پامال کر رہا ہے۔ ایسے عناصر کو نشان عبرت بنایا جائے اگر کوئی بھی سرکاری اہلکار یا کمیٹی ممبر اس جرم میں ملوث پایا جائے تو اس کے خلاف فوری مقدمہ درج کیا جائے اور کم از کم ایک سال کی قید کی سزا دی جائے تاکہ دوسروں کے لیے عبرت بن سکے۔ انہوں نے غیر مقامی افراد کو لوکل اسناد جاری کرنا نہ صرف مقامی لوگوں کے روزگار، تعلیم اور ترقیاتی وسائل پر ڈاکہ ہے بلکہ مقامی تہذیب و ثقافت کے خلاف بھی ایک گہری سازش ہے۔ امیر جے یو آئی حاجی رحمت اللہ بنگلزئی نے خبردار کیا کہ جمعیت علماء اسلام اس مسئلے پر خاموش نہیں بیٹھے گی۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر اس غیر قانونی عمل کی تحقیقات کریں اور ملوث عناصر کو عبرتناک سزائیں دیں۔

ڈپٹی کمشنر نوشکی نے بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کر دیا

مہم کو قومی فریضہ اور جہاد سمجھ کر حصہ لیں ہماری ذمہ داری بنتی ہے، امجد سومرو

نوشکی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نوشکی امجد حسین سومرو نے بچے کو پولیو کا قطرہ پلا کر 5 روزہ پولیو مہم کا افتتاح کر دیا ڈی ایچ او نوشکی ڈاکٹر کہور خان بلوچ ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر مشتاق مینگل نے بھی بچے کو پولیو کے قطرے پلائے اس موقع پر کمیونیکیشن آفیسر عبداللہ بادینی ڈی ایس وی عطاء اللہ مینگل اے ایس وی محمد نجیب دیگر موجود تھے ڈی ایچ او نوشکی ڈاکٹر کہور خان بلوچ نے انے والے پولیو مہم کے حوالے سے مکمل بریفنگ دی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نوشکی امجد حسین سومرو اور ڈی ایچ او نوشکی ڈاکٹر کہور خان بلوچ نے کہا کہ انے والے کمپین کی بھرپور تیاری کی جائے پولیو وائرس خطرناک وائرس ہے اس خطرناک وائرس کے خاتمہ کے لیے ہمیں جنگی بنیادوں پر اس مہم کو قومی فریضہ اور جہاد سمجھ کر حصہ لیں ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم آنے والے نسل کو صحت مند معاشرے اور روشن مستقبل دیں کیونکہ بچے ہمارا اصل سرمایہ اور مستقبل ہے ہمیں باہمی کوآرڈینیشن اور قومی جذبے سے سرشار ہو کر پاکستان کو پولیو فری زون ممالک کی صف میں شامل کرنا ہے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

بوائز ہائی سکول کینٹ میں اے پی ایس خضدار کی معصوم بچوں کیلئے دعا

ملک دشمن قوتوں کو پیغام دیتے ہیں تعلیم دشمن بزدل کارروائیوں سے باز آ جائیں

لورالائی (ح ن) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کینٹ میں خضدار آرمی پبلک سکول (APS) کے معصوم طلباء کی بس پر دہشت گردی کا حملہ جس میں بچے شہید اور شدید زخمی ہوگئے تھے سیکرٹری سکول ایجوکیشن بلوچستان اور سربراہ سکول حذا عبدالرشید جوگیزئی کی ہدایت پر اسکول میں آج سکول اسمبلی میں آرمی پبلک سکول خضدار کی معصوم بچوں کے لیے دعا کی گئی۔ سکول اسٹاف وطلباء کی ساتھ مشترکہ دعا مولوی عزیز نے کی اور سکول کے اسٹاف ممبر رحمت اللہ نے خضدار APS طلباء پر دہشت گردوں کی طرف سے بس پر حملہ کرنے پر تفصیلی بات کی انہوں نے کہا کہ یہ دہشت گرد پاکستان کے دشمن ہے جو معصوم بچوں کی زندگیوں سے کھیلتے ہے۔ ہم سب نے اتحاد و اتفاق کرنا ہوگا اور ملک دشمن قوتوں تعلیم دشمن کو اس اس پیج سے یہ میسج دیتے ہیں کہ یہ بزدل کارروائیوں سے باز آ جائیں اور سکول کی دیگر اسٹاف ممبران اور طلباء نے آرمی پبلک سکول کی شہید و زخمی طلباء کے ساتھ اظہار یکجہتی میں دو منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی اور بعد میں اسکول اسٹاف ممبرز طلباء نے اظہار یکجہتی میں موم بتیاں جلا کر ان سے اظہار کیا۔

گورنمنٹ ہائی اسکول میں سانحہ خضدار کے شہداء کو خراج عقیدت

صحبت پور (ح ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر گورنمنٹ ہائی اسکول ریکوڑہ صحبت پور میں سانحہ خضدار کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے تعزیتی ریفرنس کا انعقاد اور شمعیں روشن کی گئیں۔ اس موقع پر تقاریر اور دعائیں کی گئیں مقررین نے کہا کہ تعزیتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا سانحہ اے پی ایس خضدار کا واقعہ انسانیت سوز واقعہ ہے اور اس طرح کے واقعات ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے بچوں کو ٹارگٹ کرنا ایک بزدلی ہے

سانحہ خضدار کو نہیں بھلا سکتے معصوم بچوں کی زندگیاں گل کرنیوالے کسی رعایت کے مستحق نہیں ڈپٹی کمشنر

مکار دشمن بھارت ہر قسم کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہا ہے پھر بھی اسے ناکامی کے سوا کچھ نہیں ملے گا

پوری قوم متحد و منظم ہے ، سانحہ خضدار میں شہید بچوں کے والدین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، منیر کاکڑ

نصیرآباد + ڈیرہ مراد جمالی (ح ن ۔ نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا ہے کہ سانحہ خضدار ہم کبھی بھی نہیں بھلا سکتے معصوم بچوں کی زندگیاں گل کرنے والے کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں بھارت پاکستان میں اندرونی مداخلت کر کے دہشت گردانہ کارروائیوں کا واضح ثبوت دے رہا ہے ہم پوری قوم متحد و منظم ہیں ہمیں کوئی بھی شخص سبوتاژ نہیں کر سکتا ہم سانحہ خضدار میں شہید ہونے بچوں کے والدین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اللہ تعالیٰ سے دعاگو ہیں کہ اللہ انہیں صبر جمیل عطا فرمائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سانحہ خضدار کے موقع پر افسران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ نے سانحہ خضدار کے شہداء کی یاد میں شمع بھی روشن کی حافظ سعید احمد بنگلزئی نے شہداء کی مغفرت اور ان کے ورثاء کے صبر جمیل کے لیے دعا کروائی اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر ڈاکٹر عبدالمنان لانگو ڈاکٹر ظاہر حسین عمرانی ڈاکٹر یاسین داجلی صدام حسین منظور احمد شیرازی محمد قاسم ڈوکی محبوب علی رند شاہ ثنا اللہ چھلگری یونیسف کے ڈاکٹر ممتاز حسین سمیت دیگر افسران علماء کرام شہری کثیر تعداد میں موجود تھے جبکہ ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ کے احکامات کی روشنی میں مختلف اسکولوں کے بچوں نے بھی سانحہ خضدار کے شہداء کی یاد میں شمعیں روشن کی ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا کہ مکار دشمن بھارت ہر قسم کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہا ہے مگر پھر بھی اسے ناکامی کے سوا کچھ نہیں ملے گا شہید بچوں کے اوپر حملہ کرنا غیر اخلاقی اور غیر انسانی عمل ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ہم اللہ تعالیٰ سے دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے اور ان کے لواحقین کو اس عظیم صدمے کو برداشت کرنے کی توفیق دے۔

گرینڈ الائنس کی مرکزی کال پر ضلع اوستہ محمد میں احتجاج ریکارڈ کرایا گیا

عبداللہ پندرانی کی قیادت میں ہاتھوں پہ سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج ریکارڈ کرایا

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) گرینڈ الائنس بلوچستان کے مرکزی کال پر بلوچستان کے دیگر شہروں کی طرح ضلع اوستہ محمد میں بھی احتجاج ریکارڈ کرایا گیا،،احتجاج ضلع اوستہ محمد کے مختلف مقامات پر کیئے گئے ،گورنمنٹ ڈگری کالج اوستہ محمد میں جنرل سیکرٹری جی ٹی اے بی وگرینڈ الائنس ضلع اوستہ محمد عبداللہ پندرانی کی قیادت میں ہاتھوں پہ سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج ریکارڈ کرایا گیا احتجاج میں پروفیسر ایسوسی ایشن ضلع اوستہ محمد یونٹ سے پروفیسر خالد حسین سیلاچی ، وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ظفر اللہ کھلگری جی ٹی اے آئینی کے جنرل سیکرٹری محبوب علی جمالی سیسا ضلع اوستہ محمد سے عمران شاکر رند ،ایپکا ضلع اوستہ محمد سے صدر ڈاکٹر عبدالخالق جمالی ودیگر مقررین نے ہاتھوں پہ سیاہ پٹیاں باندھ کر اپنے مطالبات کے حق میں پرزور احتجاج کیا باغ ٹیل کے مقام پر ضلعی صدر پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن ضلع اوستہ محمد عبدالستار جمالی و جی ٹی اے بی ضلع اوستہ محمد کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا نعمت اللہ جمالی و دیگر رہنماؤں کی قیادت میں ہاتھوں پہ سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج کیا گیا شہر کے مختلف دفاتر کے اندر اور ڈی ایچ کیو ہسپتال اوستہ محمد میں پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن ضلع اوستہ محمد کے جنرل سیکرٹری معشوق علی جمالی کی سربراہی میں احتجاج ہوا مشترکہ طور پر گرینڈ الائنس ضلع محمد میں موجود تمام تنظیموں نے کہا کہ ہم مرکزی مطالبات بالخصوص گرینڈ الائنس کے چارٹر آف ڈیمانڈ کی بھرپور حمایت کرتے ہیں اور حکومت وقت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فوراً چارٹر آف ڈیمانڈ منظور کر کے ملازمین میں پائی جانی والی کوفت کو ختم کریں بصورت دیگر مرکزی قائدین کے حکم اور اپنے بنیادوں حقوق پر کسی قسم کا قدغن قبول نہیں کرینگے

بعدالت جوڈیشل مجسٹریٹ نمبر گیارہ کوئٹہ

آئندہ سماعت 3/6/2025

1۔ بادشاہی ملک بیوہ عبدالواحد خان 2۔ طیب بن واحد ولد عبدالواحد خان ہاؤس نمبر (22)6-9/379 زرغون رام روڈ کوئٹہ 3۔ انعم دختر عبدالواحد بنام

1۔ طلحہ بن واحد ولد عبدالواحد خان ہاؤس نمبر (22)6-9/379 زرغون رام روڈ کوئٹہ 2۔ عوام الناس 3۔ تحصیلدار سٹی کوئٹہ

درخواست لیٹر آف ایڈمنسٹریشن

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ درخواست عنوان بالا لیٹر آف ایڈمنسٹریشن متوفی عبدالواحد بابت جائیداد انتقال نمبر 840 خسرہ نمبر 156 رقبہ 1/3-631 سکوائر فٹ واقع وارڈ نمبر 37 سپر ارین 6 کوئٹہ کے گزاری ہے جس کی آئندہ سماعت 3/6/2025 کو مقرر ہو چکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کے بابت کسی کو کسی قسم کا عذر ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر پیش ہو آج مورخہ 17/5/2025 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا

61419

بعدالت محمد قاسم حریفال سول جج باختیار ڈسٹرکٹ جج رکنی

درخواست جانشینی نمبر 03/2025 آئندہ پیشی 27-05-2025

1۔ محمد فرقان 2۔ محمد اکرم 3۔ محمد عمران 5۔ محمد اشرف پسران علی محمد خان 6۔ شبانہ بی بی 7۔ مہوش سلیمان 8۔ کلثوم طاہرہ 9۔ فرزانہ بی بی دختران علی محمد خان مرحوم اقوام کوہیانی کھیتران ساکنان بستی گدائی رحمان ظفر رکنی تحصیل وضلع بارکھان بنام عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ مرحوم علی محمد خان ولد نور خان برآمدگی پنشن واجبات از خزانہ سرکار زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ و منتقل کرنے بینک اکاونٹ نمبر 0106-79020029

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ درخواست جانشینی عنوان بالا میں سائلان نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ عدالت ہذا میں گزاری ہے جسکی تاریخ پیشی مورخہ 27/05/2025 کو عدالت ہذا میں مقرر ہو چکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو درخواست کی پیروی مقررہ تاریخ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 20/05/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

ظفر کھیتران

بعدالت نائب تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی

ہر گاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مسماۃ زینت خاتون بیوہ محمد شریف قوم جکھرانی نے تحریری درخواست پیش کی ہے کہ اس کا خاوند متوفی محمد شریف ولد لشکر خان قوم جکھرانی وفات پا گیا ہے جس کی اراضی موضع ماجھوٹی اندرون تحصیل ڈیرہ مراد جمالی میں رقبہ تعدادی 0-0-10 ایکڑ درج ریکارڈ ہے جس کا انتقال وراثت درج کرنا مطلوب ہے جائز ورثاء میں زینت خاتون بیوہ چار لڑکے لشکر خان محمد حنیف لیاقت علی نادر علی اور چھ لڑکیاں زبیدہ فرزانہ رخسانہ خالدہ پروینہ شبانہ ظاہر کیے ہیں دیگر کوئی وارث ظاہر نہیں ہیں انتقال وراثت کرنا مطلوب ہے اس بابت کسی شخص کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو وہ اندر سات ایام دفتر ہذا میں پیش ہو بصورت دیگر انتقال وراثت درج کیا جائے گا نوٹس ہذا آج بتاریخ 23 مئی 2025 کو میرے دستخط و مہر سے جاری ہوا

مظفر رکنی

از دفتر تحصیلدار بھاگ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بھاگ

اشتہار بنام عوام الناس

درخواست انتقال وراثت متوفی حاجی ولد احمد قوم بہمان موضع گمب قاضی تحصیل بھاگ ضلع کچھی

ہر گاہ سائل عمران خان ولد عظمت خان قوم بہمان ساکن بھاگ نے ایک درخواست و شرعی فتویٰ مدرسہ جامعہ دارالعلوم بھاگ پیش کر کے استدعا کی کہ انکے دادا متوفی حاجی ولد احمد قوم بہمان سکنہ بھاگ بقضائے الٰہی وفات پا چکا ہے وارثان میں بروئے فتویٰ شرعی چار بیٹے محبت عظمت یوسف گہرام پسران فی کس حصہ برابر آٹھ حصہ ایک بیٹی مسمات رحمت خاتون دختر حاجی قوم بہمان ساکنان بھاگ ہیں یہ کہ مسمیان محبت عظمت یوسف گہرام پسران حاجی بھی عرصہ دراز سے وفات پا چکے ہیں مسمی متوفی عظمت خان کے وارثان میں بروئے فتویٰ شرعی مسمات فہمیدہ بیوہ مسمات عابدہ وزیر خالدہ ظریف ساجدہ بی بی ثمیرہ بی بی مہتم بی بی دختران حصہ برابر اور بیٹا عمران خان پسر / دختران عظمت خان قوم بہمان ہیں اس کے علاوہ متوفیان محبت یوسف گہرام پسران حاجی (لاولد) وفات پا چکے ہیں بروئے فتویٰ شرعی وارثان میں مسمی عمران خان ولد عظمت خان اور مسمات رحمت خاتون دختر حاجی قوم بہمان ساکنان بھاگ ہیں یہ کہ متوفی حاجی ولد احمد قوم بہمان کے نام پر ملکیت زرعی اراضی موضع گمب قاضی تحصیل بھاگ میں بابت کھاتہ نمبر 34 کھتونی نمبر 34 خسرہ نمبرات 171170 قطعہ 2 کل رقبہ 39 ر 16 پول مزروعہ سیلابہ ریونیو ریکارڈ میں اندراج ہے جوکہ انتقال وراثت بروئے فتویٰ شرعی کروانا چاہتے ہیں لہذا اس بابت اگر کسی شخص یا اشخاص کو کسی قسم کا عذر و اعتراض ہو تو اندر 7 ایام دفتر زیر دستخطی کو تحریری پیش کریں۔ بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 20 مئی 2025 کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا

محمد رمضان بھاگ

REQUEST FOR PROPOSAL

TSE-242505724334 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agancyv or authority for prepration of Hiring of "Consultancy Services from **Consulting Firms" Titled as Consultancy Services Planning & Design of strengthening of pak-oman hospital pasni district gwadar** **Bid Security 2%** **Detail as under:**

S.No.	Description	E/Cost
1	Consultancy Services Planning & Design of strengthening of pak-oman hospital pasni district gwadar	8,100,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 8,000,000 PKR Amount in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration Firm must have PEC At least Two assignment of similar nature and complexity in similar geographical location with contract amount equal to or greater than **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The FINANCIAL PROPOSALS shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **05 June, 2025** till 09:00 AM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM Address: Office of the Project Director Phone no: 0864210027
Email: pd.omanigrant@gmail.com

AB No.1142/23-05-2025

**PROJECT DIRECTOR
OMANI GRANT**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

REQUEST FOR PROPOSAL

TSE-242505724294 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agancyv or authority for prepration of Hiring of "Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as DETAIL FEASIBILITY STUDY DESIGN AND PC-I PREPARATION OF UPGRADATION OF INFRASTRUCTURE OF EXISTING SCHOOLS AND STRENGTHENING OF SCHOOL EDUCATION SECTOR IN DISTRICT GWADAR (OMANI GRANT) BRIDGE FINANCING **Bid Security 2%** **Detail as under:**

S.No.	Description	E/Cost
1	DETAIL FEASIBILITY STUDY DESIGN AND PC-I PREPARATION OF UPGRADATION OF INFRASTRUCTURE OF EXISTING SCHOOLS AND STRENGTHENING OF SCHOOL EDUCATION SECTOR IN DISTRICT GWADAR (OMANI GRANT) BRIDGE FINANCING	48,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 48,000,000 PKR Amount in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration Firm must have PEC valid code 1201,1203, 1204, 1205,1206, 1215 ,1217, Service Codes: 0501, 0502, 0503, 0506, 0509, 0510, 0511,0516, 0519, 0531, 0532, 0533, 0537,0541, 0542, 0543, 0544, 0548, 0549, 0575 At least Two assignment of similar nature and complexity in similar geographical location with contract amount equal to or greater **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The FINANCIAL PROPOSALS shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **05 June, 2025** till 09:00 AM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM Address: Office of the Project Director Phone no: 0864210027
Email: pd.omanigrant@gmail.com

AB No.1143/23-05-2025

**PROJECT DIRECTOR
OMANI GRANT**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The District council mastung invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.2000/- and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work's	E/Cost
1	PROVIDING AND FIXING OF WATER TANK 300 Gln AND PROVISION AND INSTALLATION OF SOLAR LIGHTS AT UC UMER DHOR. **TSE- 242505726363**	2,500,000
2	CONSTRUCTION OF TOILETS AND PROVISION AND INSTALLATION OF SOLAR PANEL AT UC GOUNDAIN. **TSE- 242505726353**	2,500,000
3	PROVISION AND INSTALLATION OF SOLAR PANEL AT UC PINGOVE. **TSE- 242505726313**	2,500,000
4	PROVISION AND INSTALLATION OF HOME SOLAR SYSTEM AT UC HASSANI. **TSE- 242505726283**	2,500,000
5	PROVISION AND INSTALLATION OF SOLAR PANEL AT UC ABDU WALL **TSE- 242505726253**	2,500,000
6	PROVISION AND INSTALLATION OF HOME SOLAR SYSTEM AT UC ANJEERI. **TSE- 242505726243**	2,500,000
7	PROVISION AND INSTALLATION OF SOLAR PANEL AT UC DASHT MATHORA. **TSE- 242505726203**	2,500,000
8	PROVIDING AND FIXING OF WATER TANK 300 Gln AT UC GHANJADOORI. **TSE- 242505726193**	2,500,000
9	PROVISION AND INSTALLATION OF SOLAR LIGHTS AT UC KAREZ NOTH. **TSE- 242505726183**	2,500,000
10	PROVISION AND INSTALLATION OF HOME SOLAR SYSTEM AT UC KIRDGAP, SOORO-I, SORRO-II, BABRI, AND CHURCH AND 2 LADIES MEMBER. **TSE- 242505726163**	20,000,000
11	PROVISION AND INSTALLATION OF SOLAR PANEL AT UC SHAPACH, ISPLINJI, SHAMSABAD, ZHALI, SHADENI, ANJEERI, KANAK, SHAIKHWASIL, BASHAM, KAREZ KALAN, WORKER AND 2 LADIES MEMBER. **TSE- 242505726123**	20,000,000
12	PROVIDING AND FIXING OF WATER TANK 300 Gln AT UC SORRO-I, SORRO-II, KIRDGAP AND 1 LADIES MEMBER. **TSE- 242505726103**	13,876,460
13	PROVIDING AND LAYING PVC PIPE 3" DIA AT UC BABRI AND PROVISION AND INSTALLATION OF SOLAR LIGHTS AT UC GHULAM PRINZ. **TSE- 242505726063**	5,000,000
14	PROVIDING AND FIXING OF WATER TANK 300 Gln AND PROVISION AND INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHTS AT UC ASIMABAD AND PROVIDING AND FIXING OF WATER TANK 300 Gln FOR LADIES MEMBER. **TSE- 242505726013**	4,500,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-242505726363, TSE- 242505726353, TSE-242505726313, TSE-242505726283, TSE- 242505726253, TSE-242505726243, TSE-242505726203, TSE- 242505726193, TSE-242505726183, TSE-242505726163, TSE- 242505726123, TSE-242505726103, TSE-242505726063, TSE-242505726013) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee **Last Date and Time of Bid Submission** 10 June, 2025 at 10:00 AM and will be opened on same day at 11:00 AM **Address:** District Council office mastung city mastung **Phone No.** 0843254789 Email. Tariqimam23@gmail.com

AB No.1152/23-05-2025

**CHIEF OFFICER DISTRICT
COUNCIL MASTUNG**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

VACANCY

CONSOLIDATED ADVERTISEMENT NO.06/2025

Applications are invited for initial recruitment to the following posts in the Various Departments of Government of Balochistan:
Don't wait for the last date, apply online today.

IMPORTANT NOTES

I **Age**: Age will be calculated on the closing date for receipt of applications. II **Local/Domicile Certificate**: The candidate should submit local/domicile certificate of his/her district. A married female candidate, not already in Government Service and desires to apply on the basis of local/domicile of her husband, is required to submit the local/domicile certificate of her husband containing her name. In case of in-service candidates, the local/domicile certificate endorsed in service record of department will be accepted. III The Government reserves the right not to fill any vacancy or to fill more or less than the number of vacancies announced by the Commission. IV **Zonal Allocation**: The zonal allocation of vacancies has been made in accordance with the Government of Balochistan's Recruitment Policy of 1991. V **Experience**: Unless otherwise prescribed in the relevant rules, the requisite experience (with necessary valid documentary proof) means the post qualification experience gained in a regular, full-time paid job and that of the on job training subject to its relevancy acquired after obtaining the required qualification till closing date. Experience as part time, honorary, apprentice and internee will not be considered/counted as experience."VI**Eligibility**: Eligibility of the candidates in terms of Recruitment Rules and the advertised conditions shall be determined after the conduct of screening/professional test/examination .On detailed scrutiny of the applications if they are found ineligible, their candidatures will be cancelled irrespective of the fact whether they have appeared in the examination/test or even qualified therein. On rejection of application of candidates on the basis of their ineligibility, the Commission would inform the applicants. The candidates should therefore, make sure before applying that they are eligible in all respects for the post, they have applied for. VII**Viva Voce Test**: The written/MCQs test qualified candidates will be called for Viva Voce Test and the same would be as follows:- **Current Affairs**: (Last one or two month's important happenings/issues which are highlighted in Print /Electronic Media. **General Knowledge**: (Related to Balochistan, Pakistan and International) **Islamic/Religious Studies**: (Islamic questions regarding day to day issues as Muslim, Holy Prophet's life (PBUH) and period of Khulafa-e-Rashideen). However, a candidate belonging to other religion would be asked questions according to his/her religion. **Pakistan Studies**: (1857 to 1947 and 1947 to till date) VIII.**The candidates who qualify for viva-voce test will be intimated by post, sms and telephonically to furnish/submit one (01) set of requisite documents duly verified by the concerned Board/University and attested by Guezetted Officer i.e. four (04) photographs, Matric, Intermediate DMCs/certificates, Bachelor, Master, M.Phil., Ph.D. Transcript/Degrees, CNIC, Experience Certificate (where required) showing nature of job/ detailed job description issued by an authorized officer of the Department concerned, Local/Domicile Certificate (duly verified by the competent authority), Departmental Permission Certificate (in case of government serving) etc. within Ten (10) days of the Notice from BPSC. The candidates who fail to furnish the requisite documents within stipulated time or furnish incorrect/incomplete information their candidature shall be rejected straight away. Therefore, they are advised to keep their documents ready for submission to BPSC by the due date.**

LABOUR & MANPOWER DEPARTMENT

01. One (01) Post of Computer Programmer (B-17).

Zonal Allocation

Merit (All Balochistan) 01

Qualification: Master's Degree (Second Division) in Computer Science or equivalent qualification in the relevant subject from a recognized University. **Age Limit:** 21 to 30 years and general upper age relaxation up to 43 years granted by the Government of Balochistan for fresh candidates as well as government servants. **Gender:** Both Male & Female candidates are eligible. **Syllabus:** MCQs Test in the relevant subject (Syllabus is available at

02. One (01) Post of Assistant Director (Admn) (B-17).

Zonal Allocation

Merit (All Balochistan) 01

Qualification: M.P.A / M.B.A (Second Division) from a recognized University. **Age Limit:** 21 to 30 years and general upper age relaxation up to 43 years granted by the Government of Balochistan for fresh candidates as well as government servants. **Gender:** Both Male & Female candidates are eligible. **Syllabus:** Subjective paper in the relevant subject.

03. One (01) Post of Technician (B-16).

Zonal Allocation

Mekran Zone 01

Qualification: Diploma in Associate Engineering in Auto or Textile from a recognized University. **Age Limit:** 18 to 28 years and general upper age relaxation up to 43 years granted by the Government of Balochistan for fresh candidates as well as government servants. **Gender:** Both Male & Female candidates are eligible. **Syllabus:** MCQs test in the relevant technology (Syllabus is available at www.bpsc.gob.pk).

04. One (01) Post of Industrial Hygienist (B-16).

Zonal Allocation

Sibi Zone 01

Qualification: Bachelor's Degree in Science (B.Sc.) at least in Second Division in Chemistry or Physics from a recognized University. **Age Limit:** 18 to 28 years and general upper age relaxation up to 43 years granted by the Government of Balochistan for fresh candidates as well as government servants. **Gender:** Both Male & Female candidates are eligible. **Syllabus:** Subjective test in the relevant subject (Syllabus is available at www.bpsc.gob.pk).

FISHERIES & COASTAL DEVELOPMENT DEPARTMENT

05. Two (02) Posts of Marine Biologist (B-17).

Zonal Allocation

Sibi Zone	Quetta City
01	01

Qualification: a)Master's Degree at least in Second Division in Fisheries or Marine Aquaculture or Marine Biology or Oceanography from a recognized University; **OR** b) Bachelor's Degree (B.S) at least in Second Division in Marine Sciences or equivalent qualification in the relevant subject from a recognized University. **Age Limit:** 18 to 28 years and general upper age relaxation up to 43 years granted by the Government of Balochistan for fresh candidates as well as government servants. **Gender:** Both Male & Female candidates are eligible. **Syllabus:** Subjective paper in General Fisheries.

06. Two (02) Posts of Research Officer (B-17)

Zonal Allocation

Kalat Zone	Zhob Zone
01	01

Qualification: a)Master's Degree at least in Second Division in Fisheries or Aquaculture or Marine Biology or Oceanography from a recognized University; **OR** b) Bachelor's Degree (B.S) at least in Second Division in Marine Sciences or equivalent qualification in the relevant subject from a recognized University. **Age Limit:** 18 to 28 years and general upper age relaxation up to 43 years granted by the Government of Balochistan for fresh candidates as well as government servants. **Gender:** Both Male & Female candidates are eligible. **Syllabus:** Subjective paper in General Fisheries.

07. One (01) Post of Assistant Director (Planning) (B-17).

Zonal Allocation

Kalat Zone 01

Qualification: a) Master's Degree at least in Second Division in Economics or Business Administration or equivalent qualification in the relevant subject from a recognized University. **Age Limit:** 18 to 28 years and general upper age relaxation up to 43 years granted by the Government of Balochistan for fresh candidates as well as government servants. **Gender:** Both Male & Female candidates are eligible. **Syllabus:** Subjective paper in the relevant subject.

COLLEGES, HIGHER & TECHNICAL EDUCATION DEPARTMENT

08. Five (05) Posts of Librarian (B-17) (Men's Section).

Zonal Allocation

Minority's Quota	Disabled Person's Quota
03	02

Qualification: Master's Degree at least in (Second Division), in Library Science from recognized university. **Age Limit:** 21 to 35 years and general upper age relaxation up to 43 years granted by the Government of Balochistan for fresh candidates as well as government servants. **Gender:** Only Male candidates are eligible. **Syllabus:** MCQs Test in the library sciences (Syllabus is available at www.bpsc.gob.pk).

URBAN PLANNING & DEVELOPMENT DEPARTMENT

09. Seventeen (17) Posts of Sub-Engineer (B-11).

Zonal Allocation

Merit	Kalat Zone	Zhob Zone	Nasirabad Zone	Mekran Zone	Quetta Zone	Sibi Zone	Quetta City
04	03	02	02	02	02	01	01

Qualification: a)Three years' Diploma of Associate Engineering (Civil Technology) from a recognized University/Institute.**Age Limit:** 18 to 28 years and general upper age relaxation up to 43 years granted by the Government of Balochistan for fresh candidates as well as government servants. **Gender:** Both Male & Female candidates are eligible. **Syllabus:** MCQs test in the relevant specialty (Syllabus is available at www.bpsc.gob.pk).

ADVERTISEMENT CLOSING DATE 23rd JUNE, 2025 (Monday) GENERAL INSTRUCTIONS

a)All applications for Initial Recruitment in BPS-16 and above must be submitted online through BPSC's website www.bpsc.gob.pk. No hardcopy of online application is required from the applicants. However, those applicants who do not have access to internet facility, are allowed to submit their applications on the prescribed form must reach the Balochistan Public Service Commission, Quetta by hand or by mail on or before the **closing date i.e. 23rd June,2025.** Application form available at BPSC website giving detailed particulars in the light of prescribed conditions for the post applied for.b)It will be mandatory for the candidates to bring original CNIC, Treasury Receipt (Green Challan) and downloaded copy of Admission Certificate/Roll no slip at the time of Screening/ Written Test. (The candidates should realize that original CNIC and original Treasury Receipt (Green Challan) would be admissible as a valid document. It is reiterated that the candidates must preserve the original T.R and do not send the same to BPSC office in advance, so as to avoid any inconvenience at the time of entry in the Examination Halls). c)Those candidates who have submitted their application by hand or sent by mail/post, their roll no slips will be dispatched to their postal address as well as they will be intimated through sms.d)Admission Certificates/Roll no slips for Screening (MCQ's Test/Written test) for posts applied will be placed on the website of BPSC i.e. www.bpsc.gob.pk. Candidates are advised to frequently visit this website. They will be intimated through SMS as well. e)No extra time is allowed for postal transit etc.**APPLICATION FEE:** The Candidates are required to deposit the original treasury receipt of

POST(Basic Pay Scale)	AMOUNT(Fee)
BPS-16 & BPS-17 Posts	Rs. 800/-
BPS-15 & below Posts	Rs. 600/-

The amount should be deposited in the State Bank/National Bank of Pakistan only in the province of Balochistan or Government Treasury authorized to transact business on behalf of Government of Balochistan under the **Head C02101 ORGAN OF STATE EXAM FEE RECEIPT BPSC** with incorporating the relevant **RCO/District-wise Code** in Challan. The RCO/District-wise code is available on the official website of this Commission i.e. www.bpsc.gob.pk. **CAUTION** Please refuse to engage with any person who may offer to help you get selected. Have faith in your own ability and trust in ALLAH ALMIGHTY. In case dubious person contacts you for providing undue favor in written examination or interview, please immediately contact the following Hon'able Members of the Commission at once:-

1. Madam Mudassir Asrar, Member (BPSC) Tel: 081-9203142
2. Mr. Khalid Baloch, Member (BPSC) Tel: 081-9201572
3. Mr. Sher Khan Bazai, Member (BPSC) Tel: 081-9201565

Your name will be kept secret and no prejudice will be caused to you.

SECRETARY
BALOCHISTAN PUBLIC SERVICE COMMISSION
Phone No. 081-9201507

PRQ No.4584/23-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

جنگل پیر علیزئی، ایس ای بلڈنگز کوئٹہ سرکل انجینئر وسیم حیدر نے پی اینڈ آر ایکسین حاجی سعود بلیدی کے ہمراہ مختلف PSDP اسکیموں i/c جوڈیشل کمپلیکس عبدالرحمان زئی، انڈور اسپورٹس کمپلیکس گلستان، ڈی سی کمپلیکس جنگل پیر علیزئی، جوڈیشل کمپلیکس جنگل پیر علیزئی، جی او آر اور 50 بستروں پر مشتمل ہسپتال جنگل پیر علیزئی کے زیر تعمیر کام کا معائنہ کر رہے ہیں

ڈی سی نصیر آباد نے بچی کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کر دیا

تمام ٹیمیں فیلڈ میں ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے سرانجام دیکر مہم کو کامیاب کریں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے بچی کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع بھر میں انسداد پولیو مہم کا باضابطہ طور پر آغاز کر دیا افتتاحی تقریب کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی حلیم کاکڑ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمنان لانگو ڈاکٹر غلام یاسین داجلی صدام حسین نائب تحصیلدار غلام قادر مغیری محمد قاسم ڈوگی منظور احمد شیرازی سمیت دیگر افسران موجود تھے اس موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لانگو نے بچی کو وٹامن کے قطرے بھی پلائے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے احکامات دیتے ہوئے بتایا کہ پولیو مہم کے لیے فیلڈ پر جانے والی ٹیموں پر لازم ہے کہ وہ صبح سات بجے ہی فیلڈ پر روانہ ہو جائیں سخت موسمی حالات کے باوجود ہمیں قومی فریضے کی انجام دہی میں تمام مشکلات کو بالائے طاق رکھ کر اقدامات کرنے ہوں گے یہ ہم سب پر لازم ہے کہ ہم اس قومی فریضے کے انجام دہی کو بہتر معنوں میں سرانجام دیں تمام ٹیموں کو صحیح معنوں میں ٹریننگ بھی دی گئی ہے تاکہ فیلڈ کے دوران وہ اپنی ذمہ داریاں نہایت خوش اسلوبی کے ساتھ سرانجام دیں اور مہم کو کامیابی سے ہمکنار کریں انہوں نے کہا کہ پولیو مہم کو جب تک جڑ سے ہی ختم نہیں کیا جا سکتا

معصوم بچوں کی شہادت پر دل خون کے آنسو روتا ہے، روف رند

معصوم بچوں اور سکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانا ناقابل معافی جرم ہے

تربت (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالرؤف رند نے خضدار میں آرمی پبلک اسکول کی بس پر ہونے والے افسوسناک خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اس حملے کو بزدلانہ اور انسانیت سوز فعل قرار دیتے ہوئے کہا کہ معصوم بچوں اور سکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانا ناقابل معافی جرم ہے انہوں نے کہا کہ اس دلخراش واقعے میں معصوم بچوں کی شہادت پر دل خون کے آنسو روتا ہے، جبکہ زخمیوں کی حالت بھی تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حملہ صرف متاثرہ خاندانوں ہی پر نہیں بلکہ پوری قوم پر وار کے مترادف ہے انہوں نے متاثرہ خاندانوں سے دلی تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گرد عناصر کو فوری طور پر انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اور سخت اقدامات کیے جائیں میر عبدالرؤف رند نے مزید کہا کہ پوری قوم شہداء کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے اور ان کے لواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم سب کو دہشت گردی کے خلاف متحد ہونا ہوگا تاکہ ہمارے بچوں کا مستقبل محفوظ بنایا جا سکے۔

سانحہ خضدار کے خلاف معصوم بچوں کی شہادت پر اسکولوں کے بچوں کی افسردگی

پینا فلیکس اور بینرز پر معصوم بچوں پر ہونے والے واقعات کے خلاف احتجاج نوٹ کروایا

نصیر آباد (خ ن) سانحہ خضدار کے خلاف نصیر آباد ڈویژن میں معصوم بچوں کی شہادت پر اسکولوں کے بچوں نے افسردگی کا اظہار کرتے ہوئے پینا فلیکس اور بینرز پر معصوم بچوں پر ہونے والے واقعات کے خلاف احتجاج نوٹ کروایا کمشنر نصیر آباد ڈویژن معین الرحمن خان کے احکامات کی روشنی میں سانحہ خضدار کے حوالے سے سکولوں میں تقریبات منعقد کی گئی مختلف اسکولوں کے بچوں نے اپنے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر ہونے والے واقعے کی مذمت کی اور ان کی یاد میں موم بتیاں جلائی گئیں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ کے احکامات کی روشنی میں مختلف اسکولوں کے بچوں نے سانحہ خضدار کے حوالے سے تقریبات منعقد کی گئی جہاں پر بچوں نے ملی نغمے اور تقاریر پیش کر کے شہید ہونے والے بچوں سے محبت کا والہانہ اظہار کیا ڈپٹی کمشنر بولان جہانزیب بلوچ کے احکامات پر گورنمنٹ گرلز ہائی سکول گل سالانی مچھ میں اسکول کی طالبات نے پلے کارڈز اٹھا کر شہداء سے اظہار یکجہتی کی پلے کارڈز پر معصوم بچوں کے قتل عام کے حوالے سے نعرے درج تھے اسی طرح ضلع جھل مگسی میں بھی ڈپٹی کمشنر سید رحمت اللہ شاہ کی ہدایات پر مختلف سکولوں میں سانحہ خضدار کے شہداء کے دعائیں مانگی گئیں

علماء کرام معاشرے میں مثبت تبدیلیاں لا سکتے ہیں، مفتی قاری اسماعیل

صحت مند اور پرامن معاشرے کیلئے ہم سب کو ایک پیج پر ہونا ہوگا، مولوی نور الدین

کچلاک (پ ر) کوئٹہ میں نماز جمعہ کے ایک اہم خطبہ کے دوران مفتی قاری محمد اسماعیل اور مولوی نور الدین نے معاشرتی برائیوں کے خاتمے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس کے لیے معاشرے کے ہر فرد کو آگے آنا ہوگا۔ آج ہمارا معاشرہ بے شمار برائیوں کا شکار ہے، جن میں منشیات کا استعمال سرفہرست ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ منشیات ہماری نوجوان نسل کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے اور انہیں تباہی کے دہانے پر لا رہی ہے انہوں نے نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام منعقدہ اس اجتماع میں نوجوان نسل کو ایک بہتر مستقبل فراہم کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے زور دیا کہ یہ صرف حکومت یا کسی ایک ادارے کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کی اخلاقی اور سماجی ذمہ داری ہے کہ وہ اس ناسور کے خلاف متحد ہو کر کھڑا ہو۔ والدین، اساتذہ، علماء کرام اور سول سوسائٹی سب کو مل کر اس لعنت کے خلاف آواز اٹھانی ہوگی۔ مولوی نور الدین نے اپنے خطاب میں نوجوانوں کی کردار سازی کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم اپنی نوجوان نسل کو منشیات جیسی برائیوں سے بچانا چاہتے ہیں تو ہمیں انہیں اسلامی اقدار، اخلاقی تعلیمات اور مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں نہ صرف تعلیمی معیار کو بہتر بنایا جائے بلکہ طلباء کی اخلاقی تربیت پر بھی خصوصی توجہ دی جائے۔ کھیلوں، ثقافتی سرگرمیوں اور ہنرمندی کے فروغ سے نوجوانوں کو صحت مند اور تعمیری سرگرمیوں میں مشغول رکھا جا سکتا ہے۔

ڈھاڈر، جھلسا دینے والی گرمی سے معمولات زندگی متاثر

ڈھاڈر (آن لائن) ڈھاڈر آگ کی بھٹی میں تبدیل جھلسا دینے والی گرمی سے معمولات زندگی متاثر عوام گھروں تک محدود ہو کر رہ گئے درجہ حرارت 50 سینٹی گریڈ سے اوپر پہنچ گیا تفصیلات کے مطابق ڈھاڈر اور کچھی کے تمام علاقوں میں اس وقت گرمی کی شدید لہر جاری درجہ حرارت بلند ترین سطح پر پہنچ گیا ڈھاڈر سمیت میدانی علاقے آگ کی بھٹی میں تبدیل ہو کر رہ گئے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ سورج آسمان سے نیچے سوا نیزے پر آ گیا ہو غیر معمولی تپش اور گرم جھکڑ چلنے سے کاروبار زندگی سخت متاثر ہونے سے شہر اور راستے ویران نظر آتے ہیں اور لوگ گھروں تک محدود ہو کر رہ گئے جبکہ گرمی دھوپ اور سورج کی تپش نے سہولیات سے محروم محنت کش طبقے کو نقل مکانی پر مجبور کر دیا ہے جس کی وجہ سے سینکڑوں خاندان سرد موسم اور روزگار کی تلاش میں اپنے گھر بار چھوڑ کر بالائی علاقوں کا رخ کر چکے ہیں بتایا جاتا ہے کہ گرمی کی لہر مزید کچھ روز تک جاری رہے گی ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ ایسی صورتحال میں گرمی کے اثرات سے محفوظ رہنے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں اور اپنی صحت کا خیال رکھیں۔

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انسانیت سوز عمل ہے، بلخ شیر قاضی

تربت (خ ن) چیئرمین میونسپل کارپوریشن تربت بلخ شیر قاضی نے خضدار میں آرمی پبلک اسکول کی بس پر ہونے والے بزدلانہ اور سفاکانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ایک ناقابل معافی جرم قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا صرف انسانیت سوز عمل ہے بلکہ یہ حملہ پوری قوم کے ضمیر کو جھنجھوڑنے کے مترادف ہے انہوں نے اس افسوسناک واقعے میں معصوم بچوں کی شہادت اور درجنوں کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا تعلیم کی راہ پر گامزن معصوم طلباء پر حملہ ایک انتہائی گھناؤنی اور مذموم حرکت ہے، جو کسی بھی مہذب معاشرے میں ناقابل تصور ہے۔ ایسے واقعات نہ صرف بچوں کے ذہنوں پر منفی اثرات مرتب کرتے ہیں بلکہ معاشرتی امن واستحکام کو بھی خطرے میں ڈال دیتے ہیں ان کا کہنا تھا کہ بچوں کا تحفظ، ان کی تعلیم اور تربیت ہمارے قومی مستقبل کی ضمانت ہے اور ہمیں کسی صورت دہشت گردی جیسے عناصر کے سامنے جھکنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی

صادق عمرانی نے کینال کی بھل وصفائی مکمل کر کے تاریخ رقم کی، میر بلال

حلقہ انتخاب کے تمام مسائل کو حل کرنے کے لئے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد کے ڈویژنل صدر میر بلال صادق عمرانی نے مشرق نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت عوام کے تمام مسائل کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کر رہی ہے عوام کو ہر شعبہ جات میں ریلیف پہنچانے کی بھرپور کوششوں میں مصروف العمل ہیں علاقے میں ترقیاتی عمل بھی سب کے لئے یکساں ہوگا تعلیم صحت سمیت نوجوانوں کو بھی روزگار کی فراہمی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی عوامی لیڈر اور عوامی نمائندے کی حیثیت سے نصیر آباد عوام کو بہترین ریلیف پہنچانے کی کوششوں میں مصروف ہیں میر محمد بلال عمرانی نے مزید کہا کہ صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے نصیر آباد کے کسانوں اور زمینداروں کو زرعی پانی کی کمی اور پٹ فیڈر کینال کی بھل وصفائی اور ڈی سلٹنگ 2 ماہ کے کم وقت میں مکمل کر کے دکھایا

بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا سفاکی کی انتہا ہے، پرائیویٹ اسکولز

خضدار میں اے پی ایس کی بس پر حملہ انسانیت کے خلاف بدترین جرم ہے

گوادر (خ ن) صدر پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن گوادر نے خضدار میں آرمی پبلک اسکول کی بس پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انسانیت کے خلاف بدترین جرم قرار دیا ہے۔ اس بزدلانہ حملے میں معصوم طلبہ شہید اور متعدد زخمی ہوئے، جو کہ ہر درد مند دل کے لیے باعث صدمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ افسوسناک واقعہ ایک بار پھر ہمیں سانحہ اے پی ایس پشاور کی ہولناکی کی یاد دلاتا ہے، جب تعلیم دشمن عناصر نے معصوم بچوں کو نشانہ بنایا تھا۔ بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا نہ صرف سفاکی کی انتہا ہے بلکہ یہ انسانیت، تعلیم اور امن کے خلاف ایک کھلا اعلان جنگ ہے۔ صدر پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن نے مزید کہا کہ خضدار کا یہ دل دہلا دینے والا واقعہ ہمیں غزہ میں جاری اسرائیلی مظالم کی یاد دلاتا ہے، جہاں بے گناہ بچوں پر ظلم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں۔ مقام، زبان اور نسل مختلف ہو سکتی ہے، مگر دکھ، اذیت اور غم کی شدت ایک جیسی ہے چاہے وہ پشاور، خضدار ہو یا غزہ۔ انہوں نے شہداء کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے، زخمیوں کو جلد از جلد صحت کاملہ عطا کرے

میڈیا کونسل سبی کی تقریب حلف برداری، باوقار شخصیت کی شرکت

مرکزی چیف آرگنائزر نے کابینہ سے حلف لیا، کمانڈر سبی سکاؤٹس کی خصوصی شرکت

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) آل پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ کی پروقار تقریب حلف برداری سرکٹ ہاؤس سبی میں منعقد ہوئی۔ تقریب حلف برداری کے چیف گیسٹ کمانڈر سبی سکاؤٹس عمر الطاف اور سبی کی قبائلی شخصیت الحاج میر افتخار خان مرغزانی صاحب تھے دیگر مہمان میں 163 ونگ کے کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل شہریار، میجر حسن اور میجر کامران، ایس ایس پی سبی ڈاکٹر سمیع ملک، سبی یوتھ اتحاد کے چیئرمین سردار ابراہیم خان باروزئی، پیرامیڈیکس ایسوسی ایشن کے صدر سید مقبول شاہ، گرینڈ الائنس سبی کے صدر خدا بخش سیلاچی، ڈویژنل ایجوکیشن افسر سبی محمد انور لاشاری، کلرک ایسوسی ایشن کے صدر میراب خان مجگ، پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے صدر امان اللہ شاہ کبری، ہندو پنچایت ڈیرہ مراد جمالی کے صدر تارا چند موجود تھے۔ مہمانوں کا سرکٹ ہاؤس پہنچنے پر آل پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ کے مرکزی چیئرمین زاہد مشرف، صوبائی چیئرمین قادر بخش لونی، صوبائی سینئر وائس چیئرمین خدا بخش لاشاری، صوبائی صدر اقلیتی امور ذاسول، صوبائی سینئر نائب صدر میر بشیر خان باروزئی صوبائی جنرل سیکرٹری میر حبیب ننگڑی، پریس سیکرٹری گلاب خان تھہیم اور دیگر عہدے داران نے پرجوش استقبال کیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کی بینڈ کے بچوں نے سلامی پیش کی اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سپورٹ دوست کرکٹ کے آرگنائزر مرتضیٰ خان مجگ نے سنبھالے تھے تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا جس کی سعادت حاجی محمد حیات مغل کو نصیب ہوئی اس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا جس کے احترام میں سب اٹھ کھڑے ہوئے

اطلاع برائے تاریخ و مقام ٹیسٹ

محکمہ جنگلات و جنگلی حیات بلوچستان کی درجہ ذیل آسامیاں جو کہ مورخہ 29.03.2024 اور 14.02.2025 کو صوبہ بلوچستان کے مختلف اخبارات میں بذریعہ PRQ نمبر 1737 اور 3287 کے تحت شائع ہوئی تھی جن امیدواروں نے درخواستیں جمع کی تھیں ان کے ٹیسٹ درجہ ذیل تاریخ اور مقامات پر منعقد ہوں گے۔

خالی آسامیوں کے سطح ٹیسٹ

نمبر شمار	نام آسامی	وقت	تاریخ	مقام ٹیسٹ
1	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر (BPS-12)	بوقت صبح 09.00 تا 12:00	12.06.2025	کینڈل مارکی جوائنٹ روڈ کوئٹہ
2	فارسٹ رینجر وائلڈ لائف (BPS-11)	بوقت صبح 09.00 تا 12:00	13.06.2025	ایضاً
3	جونیئر کلرک (BPS-11) ژوب اورالائی ڈویژن	1۔ ضلع شیرانی، ضلع ژوب بوقت صبح 09.00 تا 11:00 2۔ ضلع ژکی، ضلع موسیٰ خیل بوقت دوپہر 12.00 تا 02:00 3۔ ضلع لورالائی، ضلع بارکھان، ضلع قلعہ سیف اللہ بوقت دوپہر 02.00 تا 04:00	14.06.2025	ایضاً
4	جونیئر کلرک (BPS-11) سبی ڈویژن	1۔ ضلع سبی، ضلع ڈیرہ بگٹی، ضلع کوہلو بوقت صبح 09.00 تا 11:00 2۔ ضلع زیارت، ضلع ہرنائی بوقت دوپہر 12.00 تا 02:00	15.06.2025	ایضاً
5	جونیئر کلرک (BPS-11) کوئٹہ ڈویژن	1۔ ضلع کوئٹہ، ضلع چمن بوقت صبح 09.00 تا 11:00 2۔ ضلع قلعہ عبداللہ، ضلع پشین بوقت دوپہر 12.00 تا 02:00	16.06.2025	ایضاً
6	جونیئر کلرک (BPS-11) رخشان / مکران ڈویژن	1۔ ضلع واشک، ضلع خاران بوقت صبح 09.00 تا 11:00 2۔ ضلع نوشکی، ضلع چاغی بوقت دوپہر 12.00 تا 02:00 3۔ ضلع پنجگور، ضلع تربت (کیچ)، ضلع گوادر بوقت دوپہر 02.00 تا 04:00	17.06.2025	ایضاً
7	جونیئر کلرک (BPS-11) نصیر آباد ڈویژن	1۔ ضلع نصیر آباد، ضلع جعفر آباد بوقت 09.00 تا 11:00 2۔ ضلع صحبت پور، ضلع اوستہ محمد بوقت دوپہر 12.00 تا 02:00 3۔ ضلع کچھی، ضلع جھل مگسی بوقت دوپہر 02.00 تا 04:00	18.06.2025	ایضاً
8	جونیئر کلرک (BPS-11) قلات ڈویژن	1۔ ضلع مستونگ، ضلع قلات، ضلع سوراب بوقت صبح 09.00 تا 11:00 2۔ ضلع خضدار، ضلع آواران بوقت دوپہر 12.00 تا 02:00 3۔ ضلع لسبیلہ، ضلع حب بوقت دوپہر 02.00 تا 04:00	19.06.2025	ایضاً
9	ویڈیو گرافر (BPS-11)	بوقت صبح 09.00 تا 12:00	20.06.2025	ایضاً
10	سوشل ورکر (BPS-08)	بوقت صبح 01.00 تا 03:00	20.06.2025	ایضاً
11	پی ٹی آئی (BPS-08)	بوقت صبح 09.00 تا 12:00	21.06.2025	ایضاً
12	فیلڈ اسسٹنٹ (BPS-05)	بوقت صبح 01.00 تا 03:00	21.06.2025	ایضاً
13	فارسٹر (BPS-07)	بوقت صبح 09.00 تا 12:00	22.06.2025	ایضاً
14	ڈپٹی رینجر وائلڈ لائف (BPS-05)	بوقت صبح 09.00 تا 12:00	23.06.2025	ایضاً
15	سیری کلچر سپروائزر (BPS-05)	بوقت صبح 09.00 تا 12:00	24.06.2025	ایضاً
16	اسٹاک اسسٹنٹ (BPS-05)	بوقت دوپہر 01.00 تا 03:00	24.06.2025	ایضاً
17	فارسٹ گارڈ (BPS-05) ژوب اورالائی ڈویژن	1۔ ضلع شیرانی، ضلع ژوب بوقت صبح 09.00 تا 11:00 2۔ ضلع ژکی، ضلع موسیٰ خیل بوقت دوپہر 12.00 تا 02:00 3۔ ضلع لورالائی، ضلع بارکھان، ضلع قلعہ سیف اللہ بوقت دوپہر 02.00 تا 04:00	25.06.2025	ایضاً
18	فارسٹ گارڈ (BPS-05) سبی ڈویژن	1۔ ضلع سبی، ضلع ڈیرہ بگٹی، ضلع کوہلو بوقت صبح 09.00 تا 11:00 2۔ ضلع زیارت، ضلع ہرنائی بوقت دوپہر 12.00 تا 02:00	26.06.2025	ایضاً
19	فارسٹ گارڈ (BPS-05) کوئٹہ ڈویژن	1۔ ضلع کوئٹہ، ضلع چمن بوقت صبح 09.00 تا 11:00 2۔ ضلع قلعہ عبداللہ، ضلع پشین بوقت دوپہر 12.00 تا 02:00	27.06.2025	ایضاً
20	فارسٹ گارڈ (BPS-05) رخشان / مکران ڈویژن	1۔ ضلع واشک، ضلع خاران بوقت صبح 09.00 تا 11:00 2۔ ضلع نوشکی، ضلع چاغی بوقت دوپہر 12.00 تا 02:00 3۔ ضلع پنجگور، ضلع تربت (کیچ)، ضلع گوادر بوقت دوپہر 02.00 تا 04:00	28.06.2025	ایضاً
21	فارسٹ گارڈ (BPS-05) نصیر آباد ڈویژن	1۔ ضلع نصیر آباد، ضلع جعفر آباد بوقت صبح 09.00 تا 11:00 2۔ ضلع صحبت پور، ضلع اوستہ محمد بوقت دوپہر 12.00 تا 02:00 3۔ ضلع کچھی، ضلع جھل مگسی بوقت دوپہر 02.00 تا 04:00	29.06.2025	ایضاً
22	فارسٹ گارڈ (BPS-05) قلات ڈویژن	1۔ ضلع مستونگ، ضلع قلات، ضلع سوراب بوقت صبح 09.00 تا 11:00 2۔ ضلع خضدار، ضلع آواران بوقت دوپہر 12.00 تا 02:00 3۔ ضلع لسبیلہ، ضلع حب بوقت دوپہر 02.00 تا 04:00	30.06.2025	ایضاً

ہدایات:۔ (1) ٹیسٹ کے دن امیدواران اپنا اصل قومی شناختی کارڈ لازمی طور پر ساتھ لائیں (2) ٹیسٹ کے دن امیدواران اپنا امتحانی گتہ پین وغیرہ ساتھ لائیں (3) ٹیسٹ کے دن امیدوار کو امتحانی مرکز میں موبائل کے لے جانے پر پابندی ہوگی (4) ٹیسٹ کے لئے آنے والے امیدواروں کو کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا (5) کسی بھی قسم کی سفارش اور ممنوع آلات کا امتحانی مرکز میں استعمال امیدوار کو نااہل کروا سکتی ہے (6) امتحانی ہال میں اصل امیدوار کی جگہ اگر کوئی اور شخص امتحان دینے آیا تو امیدوار کا پرچہ منسوخ شمار کیا جائے گا (7) وقت کی پابندی کا خاص خیال رکھیں اور دیر سے آنے والے امیدوار کو امتحانی ہال میں داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

رابطہ نمبر:۔ PH# 0819213539

چیئرمین صوبائی سلیکشن و ریکروٹمنٹ کمیٹی محکمہ جنگلات و جنگلی حیات بلوچستان

PRQ No 4597/23-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242505722803 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Project Director Omani Grant /Xen-1 C&W Gwadar/DPD Omani Grant /Xen PHE Gwadar , Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	ADDITIONAL WORKS AGAINST SAVINGS OF OMANI GRANT MALE HOSTLE, FEMALE HOSTLE, M.S RESIDENCE, LOWER STAFF APPARTMENT PSDP-4352 Z2022.0245	48,825,591

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 34,177,913 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm 3 Projects of similar cost in hand 2% Quoted rates & Fee recipts **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 13 June, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 13 June, 2025till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM **Address:** Quetta Phone no: 0864210027 Email: pd.omanigrant@gmail.com

AB No.1145/23-5-2025

PROJECT DIRECTOR OMANI GRANT

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Director Weights & Measures Balochistan Quetta invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242505724891 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. T/Fee Not required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	ICT Equipment(Network, surveillance devices, storage devices, Office Equipment) (Total Item(s) Count: 1)	4%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 200,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 1,500,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 4 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 06 June, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 06 June, 2025till 10:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM **Address:** director weights & measures balochistan quetta Phone no: 0819211617 Fax no: 46546Email: mushtaqjaffar@gmail.com

PRQ No.4571/23-5-2025

DIRECTOR WEIGHTS & MEASURES BALOCHISTAN QUETTA

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 آئی ایم ایف

22 مئی کو مذاکرات کا آخری روز تھا تاہم پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے آئی ایم ایف کے ڈائریکٹر مشرق وسطی و وسطی ایشیا جہاد ازعور نے وفد کے ہمراہ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیراعظم شہباز شریف اور صدر مملکت آصف علی زرداری سے اہم ملاقاتیں کیں اور پاکستان کی اقتصادی کارکردگی پر اطمینان کا بھی اظہار ذرائع کا کہنا تھا کہ وفد نے جمعے کو بھی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ملاقات کی اور توقع ہے کہ آئی ایم ایف کی جانب سے مذاکرات کے بارے میں باضابطہ طور پر اعلامیہ بھی جلد جاری ذرائع نے بتایا کہ اعلامیے میں واضح کیا جائے گا کہ مذاکرات میں کہاں تک پیش رفت ہوئی ہے اور کیا اور چونکہ مذاکرات میں اہداف طے کیے جائیں ذرائع نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ بجٹ تخمینہ جات پر ابھی تک اتفاق نہیں ہوسکا ہے اسی وجہ سے اب بجٹ 10 جون کو پیش کیا جائے گا جبکہ اقتصادی سروے 9 جون کو پیش کیا جائے ذرائع کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف سے بجٹ مذاکرات فائنل نہیں ہوسکے ہیں، وزیراعظم نے معاشی ٹیم کو فوری طور پر طلب کرکے اس بارے میں ہدایات بھی جاری کی وزارت خزانہ کے ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ بجٹ اہداف طے کرنے کے لیے مزید وقت درکار ہے جبکہ آئی ایم ایف مشن کے دورہ پاکستان میں مذاکرات مکمل ہوگئے ہیں، آئندہ مالی سال کے اہداف ورچوئل مذاکرات میں طے کیے جاسکتے ہیں اور آئی ایم ایف کے ساتھ مشاورت کی تکمیل کے بعد بجٹ مسودے کو حتمی شکل دی جائے گی، ابھی پی ایس ڈی پی اور سالانہ ترقیاتی منصوبے کی منظوری ہونا بھی باقی واضح رہے کہ اس سے قبل وفاقی بجٹ پیش کرنے کی تاریخ 2 جون دی گئی تھی، ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ بجٹ کے اہداف پر اتفاق رائے نہیں ہوسکا اور اب آئی ایم ایف کے ساتھ بجٹ پر مذاکرات آئندہ ہفتے بھی جاری رہیں ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق حکومت نے تنخواہ دار طبقے اور صنعتوں پر ٹیکسوں کی شرح کم کرنے اور وفاقی بجٹ میں زیادہ ... [illegible]

بقیہ 2 مالی خسارہ
[illegible]

بقیہ 3 ترجمان پاک فوج
[illegible]

بقیہ 4 سیکیورٹی ذرائع
[illegible]

بقیہ 5 سعودی ہم منصب
[illegible]

بقیہ 6 سلامتی کونسل
[illegible]

بقیہ 7 شہباز بلاول
[illegible]

بقیہ 8 ضیاء الحسن لنجار
[illegible]

بقیہ 9 عاصم افتخار
[illegible]

بقیہ 10 وزیراعلیٰ
[illegible]

بقیہ 11 بل کی منظوری
[illegible]

بقیہ 12 عاصم افتخار
[illegible]

بقیہ 13 ملزم گرفتار
[illegible]

بقیہ 14 ثبوت
[illegible]

بقیہ 15 مقدمہ درج
[illegible]

بقیہ 16 پاکستان
[illegible]

بقیہ 17 مولانا حیدری
[illegible]

بقیہ 18 ترسیمی بل
[illegible]

بقیہ 19 صدر مملکت
[illegible]

بقیہ 20 وقاص اکرم
[illegible]

بقیہ 21 بیرسٹر گوہر
[illegible]

بقیہ 22 بچ نکلا
[illegible]

بقیہ 23 معاونت طلب
[illegible]

بقیہ 24 گرانٹس وصول
[illegible]

بقیہ 25 شمس روشن
[illegible]

بقیہ 26 ہدایات
[illegible]

بقیہ 27 وزیراعظم
[illegible]

بقیہ 28 پشاور ہائیکورٹ
[illegible]

بقیہ 29 پی ایس ایل
[illegible]

بقیہ 30 احمدی نژاد
[illegible]

بقیہ 31 سردار یوسف
[illegible]

بقیہ 32 ٹرمپ
[illegible]

بقیہ 33 قرارداد کا متن
[illegible]

بقیہ 34 مہنگائی
[illegible]

بقیہ 35 بجلی واجبات
[illegible]

بقیہ 36 نیا مکان
[illegible]

بقیہ 37 عطاء تارڑ
[illegible]

بقیہ 38 دفعہ 144
[illegible]

بقیہ 39 مہمند ایم
[illegible]

بقیہ 40 ڈاکٹر شیم خان
[illegible]

بقیہ 41 بنیادی سہولیات
[illegible]

بقیہ 42 جمعیت ضلع
[illegible]

بقیہ 43 سپیکر حیدرآباد
[illegible]

بقیہ 44 ملاقات
[illegible]

بقیہ 45 خدمت پر یقین
[illegible]

بقیہ 46 بجلی چوری
[illegible]

بقیہ 47 قاتل گرفتار
[illegible]

بقیہ 48 تعلیم کا فروغ
[illegible]

بقیہ 49 خصوصی انتظامات
[illegible]

بقیہ 50 وقت پر روزگار
[illegible]

بقیہ 51 پرنس علی
[illegible]

بقیہ 52 پانچ بچے
[illegible]

بقیہ 53 حکومت ایسے
[illegible]

بقیہ 54 شمس گرد
[illegible]

بقیہ 55 سپیکر عبدالخالق
[illegible]

بقیہ 56 مولانا ہدایت الرحمان
[illegible]

بقیہ 57 پی کے
[illegible]

بقیہ 58 پوری قوم
[illegible]

بقیہ 59 پشتونخوامیپ
[illegible]

بقیہ 60 عناصر کے ساتھ
[illegible]

بقیہ 61 حکومت پاکستان
[illegible]

بقیہ 62 ٹیرف
[illegible]

بقیہ 63 جسٹس مظہر
[illegible]

بقیہ 64 میانوالی دہشتگرد
[illegible]

بقیہ 65 عدالتی احکامات
[illegible]

بقیہ 66 رانا ثناء
[illegible]

بقیہ 67 دونوں ممالک
[illegible]

بقیہ 68 فیصل واوڈا
[illegible]

بقیہ 69 اپنی پیاس
[illegible]

بقیہ 70 منصوبے منظور
[illegible]

بقیہ 71 ماہر تعلیم
[illegible]

بقیہ 72 شوگرکیس
[illegible]

بقیہ 73 پی ایس ڈی پی
[illegible]

بقیہ 74 ہائی سپیڈ
[illegible]

ٹرمپ نے یکم جون سے یورپی یونین پر 50 فیصد ٹیرف عائد کرنیکی سفارش کردی

امریکی کمپنیوں کیخلاف بلا جواز مقدمے ودیگر عوامل نے سالانہ 25 کروڑ ڈالر سے زائد کا تجارتی خسارہ پیدا کیا جو ناقابل قبول ہے

بات چیت کسی نتیجے پر نہیں پہنچ رہی، یورپی یونین کیساتھ معاملات کرنا نہایت مشکل ثابت، امریکہ میں تیار چیز پر کوئی ٹیرف نہیں ہوگا

نیویارک (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یکم جون سے یورپی یونین پر 50 فیصد تجارتی ٹیرف عائد کرنے کی تجویز دیدی، سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری اپنے بیان میں ٹرمپ نے کہا یورپی یونین کیساتھ معاملات کرنا نہایت مشکل ثابت ہوا، یورپی یونین کی تجارتی رکاوٹیں، ویٹ ٹیکس، کارپوریٹ جرمانے، غیر مالیاتی تجارتی رکاوٹیں، امریکی کمپنیوں کیخلاف غیر منصفانہ اور بلا جواز مقدمے ودیگر عوامل نے امریکہ کیساتھ سالانہ 25 کروڑ ڈالر سے زائد کا تجارتی خسارہ پیدا کیا جو بالکل ناقابل قبول ہے، ٹرمپ نے یورپی............ بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی سے (صفا) کے ایگزیکٹو کوئٹہ میں صفائی کے حوالے سے ملاقات کررہے ہیں

بچوں کو قتل کرنا انسانیت سے ماورا، ناقابل معافی جرم ہے، پولینڈ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پولینڈ کے سفیر میجی پیارسکی نے بلوچستان کے ضلع خضدار میں سکول کے بچوں پر ہونے والے حالیہ دہشتگرد حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے، پولینڈ کے یوم آئین کے موقع پر پولینڈ کے سفارتخانے میں پروقار تقریب ہوئی، سفارتکاروں، ارکان پارلیمنٹ، سرکاری افسروں اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی، خطاب کرتے ہوئے پولینڈ کے سفیر میجی پیارسکی نے کہا بچوں کی زندگی، مستقبل اور خوابوں کو کچلنا انسانیت سے ماورا، ناقابل معافی جرم ہے، کوئی بھی مقصد اتنے گھناؤنے فعل کو جائز نہیں ٹھہرا سکتا

بلوچستان کے عوام کو سہولیات سے محروم رکھنا قبول نہیں، نوابزادہ جمال رئیسانی

بجلی کے بحران پر حکام بالا سے ملاقات کر کے آگاہ کیا امید ہے یہ مسئلہ جلد حل ہوگا، رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان پیپلزپارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی نے کہا ہے کہ اپنے حلقے کے شہریوں کے بنیادی حقوق پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کرینگے، بلوچستان کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ نوابزادہ جمال رئیسانی نے کہا کہ میں نے جمعہ کے .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نے ہمیشہ ملکی مفاد کیلئے لازوال قربانیاں دیں، حافظ حسین احمد شرودی

ملک نازک ترین حالات سے گزر رہا ہے، جمعیت ضلعی مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی نے کہا کہ ملک نازک حالات سے گزر رہا ہے حکمرانوں نے ہوش سے ملکی مفاد میں فیصلہ کرنا ہے جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ ملکی مفاد کی خاطر، لازوال قربانیاں دی ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی مجلس عاملہ کے اہم اجلاس......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار میں معصوم بچوں پر حملہ بھارت کا بزدلانہ فعل ہے، جام کمال خان

بلوچستان میں ترقی وخوشحالی کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے، میر شفیق الرحمان مینگل

بچوں پر حملہ کرنے والے انسانیت کے دشمن ہیں، اسلام آباد میں رہنماؤں کی ملاقات میں بات چیت

اسلام آباد/ کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت وتجارت جام کمال خان وجھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق الرحمان مینگل نے کہا ہے کہ خضدار میں معصوم بچوں پر حملہ بھارت کا بزدلانہ فعل اور بوکھلاہٹ کا منہ بولتا ثبوت ہے، بلوچستان میں ترقی وخوشحالی کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے یہ بات انہوں نے اسلام آباد میں ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق الرحمان مینگل نے .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

سونے کی پھر اونچی اڑان، 3500 روپے تولہ مہنگا

کراچی (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں سونے کی فی تولہ قیمت میں ایک بار پھر بڑا اضافہ دیکھا گیا، آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق فی تولہ سونے کی قیمت میں 3500 روپے کا اضافہ ہوا جس کے بعد ایک تولہ سونے کی قیمت 3 لاکھ 51 ہزار روپے ہوگئی، ایسوسی ایشن کے مطابق 10 گرام سونے کی قیمت 3000 روپے کے اضافے کے بعد 3 لاکھ 925 روپے رہی۔

صوبائی وزیر وچیئرمین بی ایف اے حاجی نور محمد دمڑ سیوریج کے پانی سے زیر کاشت مضر صحت سبزیوں کیخلاف کریک ڈاؤن کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی اندرونی طور پر تقسیم، عمران خان حکومت سے مذاکرات نہیں چاہتے، رانا ثناء اللہ

حکومت پھر بھی اپوزیشن کیساتھ بیٹھ کر ڈیمانڈ پوری کرنے کی کوشش کر رہی ہے، گنڈاپور بانی سے ملاقات کیلئے عدالت سے رجوع کریں

وزیراعلیٰ سندھ اور ایم کیو ایم سے تجاویز مانگ لیں، حکومت ایسا بجٹ پیش کرے گی عوام خوش ہو جائیں گے، مشیر وزیراعظم سیاسی امور

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا نے کہا ہے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کو قومی مفاد پر ذاتی مفاد کو ترجیح نہیں دینی چاہیے، اپنے بیان میں رانا ثنا نے کہا پی ٹی آئی اندرونی طور پر تقسیم ہے، وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے عدالت سے رجوع کریں، عمران خان حکومت کیساتھ مذاکرات نہیں کرنا چاہتے لیکن پھر بھی حکومت اپوزیشن کے ساتھ بیٹھ کر ڈیمانڈ پوری کرنے کی کوشش کر رہی ہے، عوام کو ریلیف دینے کیلئے کوشاں ہیں، بجٹ پر وزیراعلیٰ سندھ اور ایم کیو ایم سے.......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان پیپلزپارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک اپنی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کے موقع پر لوگوں سے بات چیت کر رہے ہیں

فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن، سبزل روڈ پر گندے پانی سے کاشت سبزیاں تلف

عدالتی احکامات وحکومتی پابندی کے باوجود سیوریج کے پانی سے سبزیوں کی کاشت ناقابل برداشت عمل ہے، نور محمد دمڑ

میڈیا وعوام مضر صحت خوراک یا نالوں کے پانی سے سیراب کی جانے والی اراضیات کی نشاندہی کریں، صوبائی وزیر خوراک وچیئرمین بی ایف اے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے عدالت عالیہ کے احکامات اور صوبائی وزیر خوراک وچیئرمین بی ایف اے حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں گندے نالوں کے زہریلے پانی سے کاشت مضر صحت سبزیوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا ہے کارروائی کے دوران کوئٹہ کے علاقے نیوسبزل روڈ پر 30 ایکڑ سے زائد اراضی پر موجود سبزیاں تلف کر دی گئیں جن میں گوبھی وسلاد جیسی انسانی صحت کیلئے خطرناک فصلیں شامل تھیں صوبائی وزیر خوراک اور چیئرمین بی ایف اے حاجی نور محمد دمڑ نے پہلے روز کریک.......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں ٹریفک حادثات میں اضافہ تشویشناک ہے، شمس کرد

روک تھام کے لئے متعلقہ ادارے فوری و موثر اقدامات اٹھائیں

کوئٹہ (این این آئی) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی ترجمان میر شمس کرد نے بلوچستان میں ٹریفک حادثات میں مسلسل اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر موثر اور ٹھوس اقدامات .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزارت صحت کا ڈینگی کے خاتمے کیلئے متعلقہ حکام کو مراسلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے صحت ڈاکٹر مختار بھرتھ نے ممکنہ ڈینگی وبا سے نمٹنے کیلئے سخت انتظامی اقدامات کی ہدایت کردی، وزیر مملکت برائے صحت ڈاکٹر مختار بھرتھ کی ہدایت پر ڈینگی کیخلاف اقدامات کیلئے مراسلہ جاری کرتے ہوئے کہا گیا اسلام آباد، راولپنڈی میں فوگنگ، صفائی اور نگرانی کے انتظام کو فوری بنیادوں پر یقینی بنایا جائے

حکومتی نااہلی کے باعث 67 ہزار افراد سعادت حج سے محروم ہوئے، سینیٹر عبدالقادر

وزارت مذہبی امور کی بدانتظامی کے باعث لوگوں کے 100 ارب روپے پھنس گئے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ حج 2025 چند روز کی دوری پر ہے امسال حکومتی نااہلی، روایتی غیر ذمہ داری اور بدانتظامی کی وجہ سے 67 ہزار سے زائد لوگ 100 ارب روپے کی رقوم کی ادائیگی کے.......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

سفارتی محاذ پر سرگرمیاں تیز، وزیر اعظم کا 6 ممالک کا دورہ متوقع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف آئندہ ہفتے ترکیہ، آذربائیجان، سعودی عرب، قطر، متحدہ عرب امارات اور ایران کا اہم سفارتی دورہ کریں گے، ذرائع کے مطابق دفتر خارجہ اور وزیر اعظم آفس دوروں کے شیڈول اور تاریخوں کو حتمی شکل دینے میں مصروف ہیں، ممکنہ دوروں کی تیاریوں کا آغاز کردیا گیا

پی ایس ڈی پی منصوبے روزگار کو فروغ دیں گے، اسحاق ڈار

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے ذیلی کمیٹی قائم کر دی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے پی ایس ڈی پی منصوبے روزگار، غربت میں کمی اور علاقائی برابری کو فروغ دیں گے، اسحاق بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی سیکرٹری اطلاعات عمران خان الیکٹرانک میڈیا پر ترقیاتی منصوبوں کی پبلسٹی کے حوالے سے ٹی وی چینلز کے بیورو چیفس سے ملاقات کر رہے ہیں

دہشتگردوں نے بھارتی ایماء پر معصوم بچوں پر حملہ کیا، میر نصیر مینگل

حملے میں ملوث عناصر کیساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

پاکستان عالمی میڈیا کے سامنے بھارت کا اصل چہرہ بے نقاب کرے، رہنما مسلم لیگ (ق)

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ق کے رہنما، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر نصیر مینگل نے کہا ہے کہ خضدار میں اسکول بس پر حملے میں چھ بچوں سمیت آٹھ افراد کی شہادت دلخراش اور انسانیت سوز واقعہ ہے، دہشتگردوں نے بھارتی ایماء پر بچوں پر حملہ کرکے جنگ اور انسانیت کے اصول پامال کردیے، حملے میں ملوث عناصر سے آہنی ہاتھوں .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ایس پی آر نے نیا ملی نغمہ میں اپنا وعدہ نبھا رہا ہوں ریلیز کردیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) آئی ایس پی آر نے معرکہ حق کے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے نیا ملی نغمہ میں اپنا وعدہ نبھا رہا ہوں ریلیز کردیا، نغمہ ریلیز ہوتے ہی سوشل میڈیا پر دھوم مچا دی اور ٹاپ ٹرینڈز میں شامل ہوگیا، نغمے میں گلوکاروں کی سحر انگیز آوازوں اور دل سوز بول نے سننے والوں کے دلوں کو چھولیا

سی ڈی ڈبلیو پی نے 104 ارب کے ترقیاتی منصوبے منظور کرلیے

پاکستان کی پہلی قمری گاڑی منصوبے کیلئے 2.53 ارب مختص، پاکستانی انسان بردار خلائی مشن کی لاگت 2.24 ارب ہوگی

96 ارب کے 3 بڑے منصوبے قومی اقتصادی کونسل (ایکنک) کو بھجوا دیئے گئے، وزارت منصوبہ بندی نے اعلامیہ جاری کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سی ڈی ڈبلیو پی اجلاس میں 104 ارب کے ترقیاتی منصوبے منظور کرلیے گئے، وزارت منصوبہ بندی اعلامیے کے مطابق 96 ارب کے 3 بڑے منصوبے قومی اقتصادی کونسل (ایکنک) کو بھجوا دیئے گئے، سی ڈی ڈبلیو پی نے 8 ارب کے 4، صنعت وتجارت کے 2 منصوبوں، 1000 سلائی یونٹس فیز 2 کی منظوری دی، لاگت 1.95 ارب ہوگی، ایس ایم ای فیسلیٹیشن سینٹرز کی زمین خریداری کیلئے سوا ارب منظور کیے گئے، اعلامیے کے مطابق پاکستان کی پہلی قمری گاڑی منصوبے کیلئے 2.53 ارب منظور کیے گئے، پاکستانی انسان.......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی محکمہ امور حیوانات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستانی یونیورسٹیاں بنگلہ دیش کی طبی تعلیم میں مدد کرسکتی ہیں، چیئرمین ایچ ای سی

ڈاکٹر مختار احمد کی بنگلہ دیشی ہائی کمشنر محمد اقبال حسین سے ملاقات مل کر کام کرنے کا عزم

اسلام آباد (شاکر رحمان) چیئرمین ہائیر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) ڈاکٹر مختار احمد نے پاکستان میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر محمد اقبال حسین خان کے ساتھ ایک اہم ملاقات کی جس میں میڈیکل تعلیم پر خصوصی توجہ کے ساتھ اعلیٰ تعلیم اور تحقیق میں تعاون کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا بنگلہ دیش میں طبی پیشہ ور افراد کی کمی کو اجاگر کرتے ہوئے ہائی کمشنر نے دوطرفہ.......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

بنیق کوئٹہ میں کڈنی ٹرانسپلانٹ کا سلسلہ دوبارہ شروع

ہسپتال میں ماہر ڈاکٹرز وجدید مشینری کیساتھ صحت کارڈ کی سہولت بھی موجود ہے، ڈاکٹر فہیم خان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی خصوصی دلچسپی سے بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف نفرو یورالوجی کوئٹہ میں دوبارہ کڈنی ٹرانسپلانٹ شروع ہوگئی ہے ٹرانسپلانٹ کا عمل پچھلے تقریباً ڈیڑھ سال سے رکی ہوئی تھی اسے دوبارہ شروع کر دیا گیا ہے ٹرانسپلانٹ رکنے کی وجہ سے بلوچستان کے غریب عوام کو علاج .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

میانوالی، 3 خطرناک دہشتگرد اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

دہشتگرد پولیس چوکیوں پر بڑے حملے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے، قبضے سے رائفلیں، 3 دستی بم، گولیاں اور بارودی مواد برآمد

خیبرپختونخوا کے ضلع بنوں کی فتح خیل پولیس چوکی پر حملہ پسپا، جوابی کارروائی نے دشمن کے عزائم ناکام بنا دیئے، کانسٹیبل زخمی

میانوالی (بیورو رپورٹ) پنجاب کی تحصیل میانوالی کے علاقے رحمانی خیل موڑ کے قریب کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) اور دہشتگردوں کے درمیان شدید فائرنگ کے تبادلے میں 3 خطرناک دہشت گرد ہلاک، 6 اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے، ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق دہشتگردوں کی گرفتاری کیلئے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کی تاہم دہشت گردوں نے سی ٹی ڈی ٹیم پر فائرنگ کردی، فائرنگ کے تبادلے میں 3 دہشتگرد اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوگئے، قبضے سے رائفلیں، 3 دستی بم، گولیاں اور بارودی مواد .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

شہری بجلی لوڈشیڈنگ سے تنگ، پانی کی قلت سے دوچار ہیں، قاری مہر اللہ

ایم ڈی واسا مسائل سے نابلد، عوام ٹینکر مافیا کے رحم وکرم پر ہیں، رہنماء جمعیت (ن)

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی سینئر نائب امیر مولانا نیاز محمد مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی نادر خان اچکزئی نے کہا کہ شدید گرمی میں کوئٹہ شہر میں بجلی نہ پینے کا صاف پانی ہے شہر کے باسی گھنٹوں بجلی لوڈشیڈنگ سے تنگ اور پینے کے پانی سے محروم ہیں ایم .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحی کے موقع پر صفائی کے خصوصی انتظامات ناگزیر ہیں، میر لیاقت لہڑی

کوئٹہ کو صاف رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے، صفاء کی ٹیم سے ملاقات میں بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ بلوچستان میر لیاقت علی لہڑی سے صفاء کوئٹہ کی اعلیٰ سطحی ٹیم نے ملاقات کی ملاقات میں شہر میں صفائی کے انتظامات اور عیدالاضحی کے تناظر میں خصوصی صفائی مہم کے آغاز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں صفاء کوئٹہ کی نمائندگی زونل منیجر احسان اللہ درانی، ایریا منیجر اکمل خان، کمپلین منیجر محمد منیب، ایریا.......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان دہشتگردی کا شکار، مسائل کے انبار لگے ہوئے ہیں، حافظ حمد اللہ

حکمرانوں کو صرف اپنی کرسی، کرپشن وکمیشن کی فکر ہے، مرکزی رہنماء جمعیت

وزیراعلیٰ بلوچستان بارڈر پر کاروبار بحال، روزگار کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھائیں، سابق سینیٹر

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء وسینیٹر حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ وقت کے حکمرانوں کا فرض بنتا ہے کہ وہ عوام کو امن وامان روزگار فراہم اور دیگر مسائل حل کرنے کیلئے اقدامات اٹھائیں لیکن موجودہ حکومت جس نے آتے ہی عوام پر روزگار کے دروازے بند کرنے کیلئے پاک افغان اور پاک ایران سرحدوں کو بند مائنز اینڈ منرلز کسی اور کے حوالے اور اب اخباری صنعت سے تعلق رکھنے والے ہزاروں لوگوں کو بے روزگار کرنے........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں ہسپتالوں کی حالت بہتر، مریض استفادہ کر رہے ہیں، بخت کاکڑ

اگر ڈاکٹرز مسیحا بن کر کام کریں تو کئی مسائل حل ہو سکتے ہیں، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں سرکاری ہسپتالوں کی حالت بہتر بنانے میں پیش رفت ہوئی ہے جس سے عام لوگ استفادہ حاصل کر رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت کے مطابق مزید بہتری لانے کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں ہماری کوشش ہے کہ وہ لوگ جو پرائیویٹ ہسپتالوں.......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

تربت لیویز فورس کی کارروائیاں جاری 549 کلو سے زائد چرس برآمد

کارروائیوں کے دوران ملزمان اپنی گاڑیاں چھوڑ کر فرار ہونے میں کامیاب

تربت (آئی این پی) لیویز فورس نے منشیات کے خلاف دو مختلف کارروائیوں میں 549 کلوگرام سے زائد چرس برآمد کرکے منشیات اسمگلنگ میں استعمال ہونے والی 2 پک اپ گاڑیاں بھی تحویل میں لی گئیں ان خیالات کا اظہار اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد.......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

میر شعیب نوشیروانی سے اراکین صوبائی وقومی اسمبلی وسینیٹر کی ملاقات

رہنماؤں میں سلیم کھوسہ، یونس عزیز زہری، پھلین بلوچ، خیر جان بلوچ وسینیٹر منظور کاکڑ شامل

ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی صورتحال، آئندہ مالی سال 2025-26ء کے بجٹ پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات بلوچستان میر شعیب نوشیروانی سے صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ، اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری، رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی خیر جان بلوچ، اور سینیٹر منظور کاکڑ نے ملاقات کی ان کے درمیان بلوچستان کی موجودہ سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور.......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: اسپیکر بلوچستان عبدالخالق خان اچکزئی سے رکن صوبائی اسمبلی زمرک خان اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

فیض حمید کو کم سے کم 14 سال قید کی سزا ہوگی، فیصل واوڈا

فیلڈ مارشل تینوں مسلح افواج کی کمان سنبھالیں گے

بادشاہوں کے دل بڑے اور جیلوں کے کمرے چھوٹے ہوتے ہیں، طنزیہ گفتگو سے بانی کی تکالیف مزید بڑھ جائیں گی

اسٹیبلشمنٹ آپ سے کبھی بات نہیں کرے گی، وزیراعظم شہباز شریف بغیر پیسے کے جہاز چلا رہے ہیں، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے فیض حمید کو کم سے کم 14 سال قید کی سزا ہوگی وہ اپنے بندوں کو نہیں چھوڑ رہے تو دوسروں کو چھوڑ دیں گے؟ بادشاہوں کے دل بڑے اور جیلوں کے کمرے چھوٹے ہوتے ہیں، طنزیہ گفتگو سے بانی کی تکالیف مزید بڑھ جائیں گی، اسٹیبلشمنٹ آپ سے کبھی بات نہیں کرے گی، نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل واوڈا نے کہا فیلڈ مارشل تینوں مسلح افواج کی کمان سنبھالیں گے، پوری قوم ساتھ کھڑی ہے، وزیراعظم شہباز شریف بغیر پیسے کے جہاز چلا رہے ہیں جس میں ہم سب اور وہ خود بھی شامل ہیں.......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی خوشحالی کیلئے نوجوانوں کو متحرک کریں گے، مولانا ہدایت الرحمان

خضدار میں معصوم بچوں کا قتل اور وزیرستان کے عوام پر ڈرون حملے قابل مذمت ہیں

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کے حل، ترقی امن اور خوشحالی کیلئے نوجوانوں سمیت کو متحرک کریں گے۔ جماعت اسلامی سکلتا بلوچستان اور یوتھ کا کردار کے عنوان سے بلوچستان کے نوجوانوں کا یوتھ جرگہ 25 مئی کو کوئٹہ منعقد کیا جائیگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفود.......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ ٹریفک ریگولیشنز میں ردوبدل مسترد کرتے ہیں، پی کے نیپ

یہ فیصلہ عوام دشمن اور غیر حقیقت پسندانہ اقدام ہے، صوبائی بیان

اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے متبادل اور قابل عمل حل نکالا جائے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں حکومت اور انتظامیہ کی جانب سے شہر کی اہم شاہراہوں خصوصاً قندھاری بازار، لیاقت بازار اور عالمو چوک پر گاڑیوں کے داخلے پر پابندی کو مسترد کرتے ہوئے اس فیصلے کو عوام دشمن اور غیر حقیقت پسندانہ اقدام قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ شہر میں.......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام روبینہ خالد خان سے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے مرکزی رہنما سردار سربلند خان جوگیزئی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

ججز کا تبادلہ صدر کا آئینی اختیار، درخواست گزار وکلاء کے دلائل میں اختلاف ہے، سپریم کورٹ

آئین میں کہیں نہیں لکھا ہوا ٹرانسفر محدود وقت کیلئے ہوگی، بھارت میں تو جج ٹرانسفر سے انکار کرے تو گھر جانا پڑتا ہے

ایک جج ایک ہی وقت میں 2 یا 3، 3 حلف کیسے لے سکتا ہے؟، آئینی بینچ کے ریمارکس، مزید سماعت پیر تک ملتوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئینی بینچ کے سربراہ جسٹس علی مظہر نے ریمارکس دیئے آپ درخواست گزار وکلا کے دلائل میں اختلاف ہے، آپ نے دلائل میں کہا ٹرانسفر ہونیوالے جج کو نیا حلف لینا پڑیگا اور دوسری طرف کہا جا رہا ہے ٹرانسفر مستقل نہیں ہوسکتی، جسٹس علی مظہر کی سربراہی میں 5 رکنی آئینی بینچ نے ججز ٹرانسفر سنیارٹی کیس پر سماعت کی، درخواست گزار کے وکیل فیصل صدیقی نے بھارت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا انڈیا میں ججز سے ٹرانسفر پر رضامندی نہیں پوچھی جاتی اس لیے ججز سنیارٹی کیساتھ ٹرانسفر ہوتا ہے، جوڈیشل کمیشن کیلئے ججز کی .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

آپ نے بھارت کی عزت کا سودا کیا، راہول گاندھی کا مودی پر وار

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارت میں اپوزیشن لیڈر اور کانگریس کے مرکزی رہنما راہول گاندھی نے وزیر اعظم نریندر مودی سے 3 اہم سوالات کرتے ہوئے الزام عائد کیا انہوں نے بھارتی مفادات کو ڈونلڈ ٹرمپ کے سامنے قربان کر دیا اور بھارت کی عزت کا سودا کیا، راہول گاندھی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر بیان میں کہا مودی جی کھوکھلی تقریریں بند کریں

مریم نواز کا بیان مودی نوازی اور قومی یکجہتی پر حملہ ہے، بیرسٹر سیف

پشاور (بیورو رپورٹ) مشیر اطلاعات کے پی بیرسٹر سیف نے وزیراعلیٰ پنجاب کے حالیہ بیان پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے مریم نواز کا بھارت کو کم نقصان دہ اور پی ٹی آئی کو زیادہ نقصان دہ قرار دینا مودی نوازی کے سوا کچھ نہیں، مریم نواز دہشتگرد مودی کے جرائم کو چھپانے کیلئے قومی یکجہتی پر حملہ کر رہی ہیں، بیان دراصل پی ٹی آئی کیخلاف نہیں بلکہ مودی کے حق میں ہے، ایسی بیٹی سے کیا توقع کی جاسکتی ہے جس کے والد نے آج تک مودی کے خلاف ایک لفظ تک نہیں کہا

اداکارہ نادیہ حسین کے شوہر عاطف خان کی درخواست ضمانت مسترد

کراچی (بیورو رپورٹ) عدالت نے اداکارہ نادیہ کے شوہر عاطف خان کی درخواست ضمانت مسترد کردی، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ساؤتھ نے 53 کروڑ روپے کے بینک فراڈ کیس میں عاطف خان کی درخواست ضمانت پر فیصلہ سنایا، عدالت نے وکلا کے دلائل کے بعد درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ کیا تھا۔

اوستہ محمد پولیس نے روپوش قاتل گرفتار کرلیا

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد پولیس کی موثر کارروائیاں روپوش قاتل گرفتار، غیر قانونی اسلحہ برآمد، اور جانور پر ظلم کرنے والا ملزم بھی پکڑا گیا تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد امجد علی جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او انسپکٹر عبدالرؤف جمالی سب انسپکٹر سکندر لہڑی نے بھاری پولیس نفری کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے.......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

بی بی او آئی ٹی کا سرمایہ کار دوست ماحول کیلئے کردار اہم ہے، دھنیش کمار

ہم بلوچستان کی معاشی صلاحیت کو اجاگر کرنے کیلئے پرعزم ہیں، وائس چیئرمین بورڈ بلال کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) سینیٹر دھنیش کمار نے گزشتہ روز بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان میں جاری سرمایہ کاری منصوبوں اور ترقیاتی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، سی ای او سرمایہ کاری بورڈ عبدالکبیر زرکون اور سابق.......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

مسائل اولین ترجیحات میں شامل کر کے حل کریں گے، علی مدد جتک

عوام ساتھ دیں سریاب کا نقشہ بدل کر دکھائیں گے، کھلی کچہری سے رکن اسمبلی کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن ورکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک کی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کا انعقاد ہوا جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی انہوں نے لوگوں کے مسائل سنے اور زیادہ تر مسائل موقع پر حل کرائے.......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی مفاد کیلئے قانون سازی کر رہے ہیں، آغا عمر احمدزئی

قانون سازی کا مقصد زرعی صارفین کو سولر توانائی پر منتقل کرنے کے عمل کو منظم کرنا ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

زیر صدارت اجلاس سے خطاب، اجلاس میں کمیٹی اراکین سمیت زمینداران کے نمائندے بھی شریک

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کا اہم اجلاس آج اسمبلی کے کمیٹی روم میں چیئرمین پرنس آغا عمر احمدزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں کمیٹی کے اراکین زابد علی ریکی، کلثوم نیاز بلوچ، فرح عظیم شاہ، سیکرٹری.......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: سینئر سیاستدان نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی سے بلوچستان یونیورسٹی کے طلباء پر مشتمل وفد کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

بھارتی پروازوں کیلئے پاکستانی فضائی حدود کے استعمال پر پابندی میں مزید توسیع

پاکستانی فضائی حدود کے استعمال پر بھارتی پروازوں کیلئے پابندی 24 جون صبح 4 بج کر 59 منٹ تک بڑھائی گئی

بھارتی رجسٹرڈ، آپریٹڈ، ملکیت یا لیز پر لیے گئے تمام طیارے پابندی کی زد میں رہیں گے، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستانی فضائی حدود میں بھارتی طیاروں کی پروازوں پر پابندی میں مزید اضافہ کردیا گیا، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی اے اے) کے مطابق بھارتی پروازوں کیلئے پاکستانی فضائی حدود کے استعمال پر پابندی 24 جون صبح 4 بج کر 59 منٹ تک بڑھادی، بھارتی رجسٹرڈ، آپریٹڈ، ملکیت یا لیز پر لیے گئے تمام طیارے پابندی کی زد میں رہیں گے، پابندی بھارتی فوجی طیاروں پر بھی لاگو ہوگی، بھارتی ایئر لائنز یا آپریٹر کے زیر انتظام کوئی بھی پرواز پاکستانی فضائی حدود استعمال نہیں کر سکے گی۔

صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی سے ضلع سبی اور لہڑی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

سی پیک منصوبے پورے خطے میں اقتصادی ترقی کیلئے مواقع فراہم کریگا، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

پاکستان علاقائی امن واستحکام کا خواہاں کیونکہ ترقی کا راستہ امن سے ہو کر ہی گزرتا ہے، سیدال خان ناصر

گوادر عالمی بحری اقتصادی مرکز میں تبدیل جو مستقبل میں خطے کی ترقی کیلئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرے گا

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے صوبہ شانشی چین کے نائب گورنر کی ملاقات، رہنماؤں کا باہمی روابط کے تسلسل کو جاری رکھنے کا عزم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ، سیدال خان سے چین کے صوبہ شانشی (Shaanxi) کے نائب گورنر کی اسلام آباد میں ایک اہم ملاقات ہوئی اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے پاک چین تعلقات، سی پیک منصوبہ جات، علاقائی ترقی اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا ملاقات کے دوران دوطرفہ تعاون، اقتصادی شراکت داری، اور چین پاکستان اقتصادی .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

اپیلٹ ٹریبونل نے شوگر کارٹل پر 44 ارب جرمانے کا کیس دوبارہ سماعت کیلئے بھجوادیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپیلٹ ٹریبونل نے شوگر کارٹل پر 44 ارب روپے جرمانے کا کیس دوبارہ سماعت کیلئے کمپٹیشن کمیشن کو واپس بھجوا دیا، اپیلٹ ٹریبونل نے فیصلے میں کہا کمپٹیشن کمیشن 90 روز میں شوگر کارٹل کیس.......... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیورنڈ خط کے تمام تجارتی پوائنٹس کو فوری بحال کیا جائے، پشتونخوامیپ

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل غیر آئینی اور کسی صورت عوامی مفاد میں نہیں

قلعہ عبداللہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ڈیورنڈ خط کے تمام تجارتی پوائنٹس پر صدیوں سے جاری آمد ورفت اور تجارتی راستوں کو فوری بحال کیا جائے، ایک جانب ہمارے عوام پر تجارت، روزگار کے دروازے بند کیئے جا رہے ہیں .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی معاشرتی اقدار میں بچوں اور خواتین پر حملہ نہیں کیا جاتا، سکندر خان ایڈووکیٹ

سفاک قاتلوں نے انسانیت کے تمام تقاضوں کو پامال کردیا ہے، سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے آرمی پبلک سکول خضدار کے معصوم بچوں پر وحشیانہ ظالمانہ اور انسانیت سوز حملے کی پرزور مذمت کی ہے اسلام اور اسلامی اقدار.......... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

ریلوے نے 30 نئی ہائی سپیڈ فریٹ ویگنیں سسٹم میں شامل کردیں

عالمی معیار کی ویگنیں فریٹ آپریشنز میں انقلابی پیشرفت ہے، سی ای او عامر بلوچ

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان ریلوے نے تاجر برادری کی سہولت اور ملک میں فریٹ ٹرانسپورٹ نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے اہم قدم اٹھاتے ہوئے 30 نئی ہائی سپیڈ، ہائی کپیسٹی فریٹ ویگنوں کو اپنے نظام کا حصہ بنادیا، چیف ایگزیکٹو افسر.......... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ سے انکے دفتر میں مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان سے شکست کا غصہ بھارت مٹھائیوں پر نکالنے لگا

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارت نے پاکستان سے اپنی دشمنی کو نئی سطح پر پہنچاتے ہوئے مٹھائیوں کے ناموں تک میں تبدیلی کردی، پاکستان کے خلاف فوجی شکست کے بعد اب بھارتی حکومت کو پاکستان سے منسوب مٹھائیوں کے نام بھی ناگوار گزرنے لگے ہیں

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے، مولانا رمضان مینگل

پاکستان میں دشمن ملک کے منفی عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، مولانا غلام غوث حقانی

معصوم بچوں کو دہشتگردی کا نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، علامہ شاہ اللہ فاروقی

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے سربراہ مولانا محمد رمضان مینگل، مولانا غلام غوث حقانی، علامہ شاہ اللہ فاروقی، حافظ قاسم، مفتی کلیم اللہ حیدری، مولوی عبدالحکیم، قاری عبدالولی فاروقی، مولانا عبدالرحیم ساجد ودیگر نے خضدار زیرو پوائنٹ پر سکول بس حملے کے نتیجے میں بے گناہ معصوم بچوں سمیت 6 افراد کی شہادت اور 38 سے زائد.......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم ممالک عملی میدان میں اتر کر مظلوم فلسطینیوں کی حمایت کریں، جمعیت نظریاتی

ٹرمپ کے دورہ عرب ممالک کے بعد اسرائیل نے نہتے فلسطینیوں پر قیامت صغریٰ برپا کردی، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

عالم اسلام کے حکمرانوں کی مظلوم فلسطینیوں کی چیخ وپکار پر خاموشی لمحہ فکریہ ہے، مولانا شمس الہدیٰ، عبدالستار شاہ چشتی، حیات اللہ کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سرپرست مولانا شمس الہدیٰ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید عبدالستار شاہ چشتی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مولانا قاری محمد اکمل مولانا محمد قاسم قلندر نے کہا کہ امریکی صدر ٹرمپ کے عرب ممالک کے دورہ کے بعد اسرائیل نے نہتے فلسطینیوں پر قیامت صغریٰ برپا کردیا غزہ کی ناکہ بندی، خوراکی اشیاء، ادویات کی بندش قابل مذمت ہے جس نے پوری انسانیت کو غمزدہ کردیا دوسری جانب عالم اسلام .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر